★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 28 جمادی الثانی 1446ھ 31 دسمبر 2024ء 13 پوہ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 75

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

2024ء کا سنہرا اختتام وزیراعلیٰ مریم نواز نے ایجوکیشن میں بہتری کی بنیاد رکھ دی

ہونہار کارشپ، پہلا پبلک سکول ری آرگنائزیشن، ہائر ایجوکیشن انٹرن شپ، چیف منسٹر سکول نیوٹریشن، لاہور کنٹونمنٹ گارڈن سکول اور تھیسیوں میں گرلز کالجز اپ گریڈ اور ٹیوٹر کا اہتمام، داخلوں کیلئے یک ٹوسکول کیمپین

سرکاری سکولوں میں نئے کلاس روم، سائنس اور آئی ٹی لیبارٹریز کا قیام، چین کی طرز پر ابتدائی کلاسز میں آرٹی فیشل انٹیلی جنس ایجوکیشن کیلئے پلان طلب

پبلک سکولز ری آرگنائزیشن پروگرام سے 40 ارب روپے کی بچت، 70 ہزار نوجوانوں کیلئے روزگار، سکولوں میں پانچ ہزار نئے کلاس رومز بنانے کا فیصلہ

ہر بچے کو بہترین، جدید علوم حاصل کرنے کا پورا حق ہے، نظام تعلیم میں جدید دور کے تقاضوں کے مطابق تبدیلیاں اور بہتری لائیں گے مریم نواز شریف



وزیراعظم محمد شہباز شریف سے اسنداد پولیو ٹیم ملاقات کر رہی ہیں

لاہور (خبر نگار) 2024ء کا سنہرا اختتام، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ایجوکیشن میں بہتری کی بنیاد رکھ دی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے منصب سنبھالتے ہی ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے لئے ریکارڈ کام کیے۔ 2024ء میں وزیراعلیٰ مریم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

معاشی استحکام سیاسی استحکام سے جڑا ہے، یوسف رضا گیلانی

حکومت کے اتحادی نہیں، ملک وقوم کے مفاد میں سپورٹ فراہم کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ حکومت کے اتحادی نہیں ہیں بلکہ ملک وقوم کے مفاد میں اسے سپورٹ فراہم کر رہے ہیں، معاشی استحکام سیاسی استحکام سے جڑا ہوا ہے، نئی حکومت آئی، چوتھے والی حکومت کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

عطا تارڑ نے وفاقی حکومت کا وائٹ پیپر کا پی کر کے خیبر پختونخوا کے کھاتے میں ڈال دیا، بیرسٹر سیف

عطا تارڑ کوئی بڑی بات کر جاتے ہیں جس سے ان کی نااہلی عیاں ہو جاتی ہے، بیان پر ردعمل جاری

پشاور (این این آئی) شیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ عطاء تارڑ کوئی بڑی بات کر جاتے ہیں جس سے ان کی نااہلی عیاں ہو جاتی ہے، انہوں نے خیبر پختونخوا کی معیشت پر بات کر کے بڑے بڑے معیشت دانوں کی ہنسی اڑا دی۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ عطاء تارڑ نے وفاقی حکومت کا واٹ پیپر کاپی کر کے خیبر پختونخوا کے کھاتے میں ڈال دیا ہے، خیبر پختونخوا کے قرضے وفاق کے مقابلے میں اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

پولیو کو پاکستان سے ختم کرنے کیلئے مشترکہ کوششیں جاری ہیں، وزیراعظم

وزیراعظم سے اسنداد پولیو ٹیم کی ملاقات، اسنداد پولیو کی عالیہ مہم اور اسکے نتائج پر بریفنگ دی گئی پولیو ورکرز کی سیکیورٹی کو کسی طور پر انداز نہیں کیا جاسکتا اور اس سلسلے میں تمام تر ممکنہ اقدامات لئے جائیں، شہباز شریف

بل گیٹس فاؤنڈیشن اور تمام ملکی و بین الاقوامی شراکت دارو کے مشکور ہیں جنکی حمایت اور تعاون کی بدولت پاکستان میں صحت کے شعبے میں اہم اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ پولیو ورکرز کی سیکیورٹی کو کسی طور پر انداز نہیں کیا جاسکتا اور اس سلسلے میں تمام تر ممکنہ اقدامات لئے جائیں، اسنداد پولیو مہم کے دوران متعلقہ افراد کے پولیو سے زیادہ متاثرہ علاقوں کے دوروں کا منظم روسٹر ترتیب دیا جائے، بچوں کی تعداد بڑھ رہی ہے، جس کے لئے اور زیادہ محنت کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے اسنداد پولیو ٹیم نے ملاقات کی جس میں وزیراعظم کو آپریشنل ایشوز برائے قومی صحت ڈاکٹر فرقان احمد بھرتھ، وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے اسنداد پولیو محترمہ عائشہ فاروق، وفاقی سیکرٹری قومی صحت ندیم محبوب بیشل آر ڈائریکٹر بیشل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر انور الحق، عالمی ادارہ صحت کے ڈپٹی نیشنل ٹیم لیڈ ڈاکٹر صفدر عباسی اور سینئر فارماسیوٹیکل ایڈوائزر برائے پولیو ایشو صوفیا رحمان نے بریفنگ دی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پولیو ورکرز کی شہادت ناقابل فراموش ہے، ہمیں ان کی قربانیوں کو یاد رکھنا چاہیے، پولیو ورکرز ہیرو ہیں، ان کی حفاظت کی ذمہ داری ریاست پر عائد ہوتی ہے، ہم ان کی سیکیورٹی کو کسی طور پر انداز نہیں کر سکتے، پولیو ورکرز کی سیکیورٹی کو یقینی بنانا ہوگا، پولیو ورکرز کی سیکیورٹی کے حوالے سے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

لاہور پریس کلب کے انتخابات میں شاندار کامیابی پر ارشد انصاری، زاہد عابد، افضال طالب اور صائمہ نواز ودیگر کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، رانا لیاقت علی

لاہور (خبر نگار) پنجاب نیچرز یونین کے مرکزی صدر رانا انوار الحق، رانا لیاقت، سعید نثار، ناصر جمشید، میاں ارشد، چوہدری عمر علی، رانا الیاس، اسلم کمبوہ، مرزا طارق، مزمل اقبال صدیقی، مرزا طارق بیگ، فاروق ریڑی، مرزا آفریدی ودیگر نے پریس کلب کے نومنتخب صدر ارشد انصاری، سیکرٹری زاہد عابد، سینئر نائب صدر افضال طالب، نائب صدر صائمہ نواز، جوائنٹ سیکرٹری عمران شیخ، فنانس سیکرٹری سالک نواز اور گورننگ باڈی کے نومنتخب ممبران سعید بدر، مدثر شیخ و رانا شہزاد، خواجہ سرمد فرخ، شاہد نذیر بٹ، محبوب چوہدری، شاکر محمود اعوان، اسد محبوب گڈو، لفٹ حسین مغل کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نومنتخب عہدیداران صحافیوں کی فلاح و بہبود، آزادی صحافت اور اس کے فروغ کے لیے اپنا موثر کردار ادا کریں گے امید ہے کہ لاہور پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران صحافتی اقدار کے مطابق ملک کی ترقی، عوامی اور اساتذہ قطبیتی مسائل اجاگر کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

راجہ یاسم حسن کا وسائل رکھنے کے باوجود لنگر خانوں کو بند کرنے والوں کے گرد گھیرا تنگ کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم

نظام بدلنے کیلئے ڈی ڈی اے کے خاتمے سے لنگر خانوں کو ملک گیر سطح پر وسعت دینا ہوگا، ترجمان پیف صدر و بلاگر کا مطالبہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) تاجر رہنما ریاض حسین چوہان، صدر لاہور بلاگرز کلب شہزاد ملک، ترجمان، صدر و بلاگر کلب شہزاد ملک، نائب صدر محمد ساجد گوندل، جوائنٹ سیکرٹری عمران شیخ، فنانس سیکرٹری سالک نواز اور گورننگ باڈی کے نومنتخب ممبران سعید بدر، نظام الدین، محمد عباس، طارق زیدی، مرزا آفریدی ودیگر نے پریس کلب کے نومنتخب صدر ارشد انصاری، سیکرٹری زاہد عابد، سینئر نائب صدر افضال طالب، نائب صدر صائمہ نواز

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور''(3)31دسمبر 2024ء

شرح سود میں کمی سے معیشت کو استحکام ملا، قیصر احمد شیخ

معیشت کے استحکام کے ساتھ اب گروتھ ریٹ بڑھنا چاہیے اور بجلی کی قیمتوں میں کمی سے انڈسٹری کی ترقی ممکن ہوگی، پی ٹی آئی اسٹیبلشمنٹ کے خلاف سوشل میڈیا پر بیانیہ چلاتی ہے، وفاقی وزیر بحری امور



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ نے اپنے دفتر چنیوٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں متعلقہ محکموں کے اعلیٰ حکام اور سینکڑوں شہریوں نے شرکت کی۔ عوام نے صفائی، صحت، اور دیگر شہری سہولیات کے مسائل پیش کیے، جنہیں حل کرنے کے لیے وفاقی وزیر نے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ انہوں نے عوام کو یقین دلایا کہ ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ اس موقع پر مستحق خواتین میں سردی کے موسم کے پیش نظر بستر تقسیم کیے گئے جبکہ لڑکیوں کی شادی کے لیے تحفے کے طور پر سلائی مشینیں فراہم کی گئیں۔ قیصر احمد شیخ نے تعلیم کے فروغ کے لیے ایک اور اہم قدم اٹھاتے ہوئے مستحق طلبہ وطالبات کی تعلیمی فیس اپنی ذاتی جیب سے ادا کی۔ مزید برآں، مستحق مریضوں کو مفت علاج اور ادویات کی فراہمی کے ساتھ ضرورت مند افراد کو مالی امداد بھی دی گئی۔ کھلی کچہری کے اختتام پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے قیصر احمد شیخ نے کہا کہ سال 2024 معیشت کی بہتری کا سال ثابت ہوا ہے۔ حکومت نے شرح سود اور مہنگائی کے تناسب کو کم کرنے میں کامیابی حاصل کی، جس سے معیشت کو استحکام ملا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ معیشت کے استحکام کے ساتھ اب گروتھ ریٹ بڑھنا چاہیے اور بجلی کی قیمتوں میں کمی سے انڈسٹری کی ترقی ممکن ہوگی۔ وفاقی وزیر نے اس بات پر بھی زور دیا کہ معاشی استحکام کے ساتھ سیاسی استحکام بھی انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے پاکستان تحریک انصاف کے رویے پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایک طرف پی ٹی آئی اسٹیبلشمنٹ کے خلاف سوشل میڈیا پر بیانیہ چلاتی ہے اور دوسری جانب مذاکرات کا اصرار کرتی ہے، جو مضحکہ خیز ہے۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو ایک دوسرے سے بات چیت کرنی چاہیے اور اس وقت جاری مذاکرات ایک خوش آئند پیش رفت ہیں۔ عوام نے قیصر احمد شیخ کے اقدامات کو بھرپور سراہا اور ان کے عوامی خدمت کے جذبے کو مثالی قرار دیا۔ وفاقی وزیر نے اپنی گفتگو کے دوران اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ عوام کی خدمت اور ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے اپنے حلقے کی بہتری کے لیے بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔

کرپشن زدہ معاشرے کبھی پھلتے پھولتے نہیں، محمد یوسف

بچوں کو دیانتداری و انسانیت کا درس دیجیے۔ سی آئی او پاکستان کارگو



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) کرپشن کسی بھی ملک و معاشرے کیلئے ناسور اور زیر قاتل ہے جو انسان نہیں نسلیں تباہ کر دیتی ہے۔ وطن عزیز میں کرپشن ہر دور میں رہی ہے من حیث القوم قیام پاکستان سے لیکر آج تلک ملک کا ترقی یافتہ نہ ہو پانے کی بنیادی وجوہات میں ایک وجہ کرپشن ہے۔ ان باتوں کا اظہار کریشن کے عالمی دن کے حوالہ سے ڈائریکٹر ایئر سیال / سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئر پورٹ محمد یوسف آف پاکستان کارگو سروسز نے جاری میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن کے عادی لوگوں کے گھر سے بیماریوں کا خاتمہ ہی نہیں ہوتا ہے جبکہ اولاد بھی نافرمان اور بدتمیز ہوتی ہے۔ لیکن ان کو سمجھ نہیں آتی ہے۔ بچوں کو دیانتداری اور ایمانداری کی اہمیت سکھائیں اور ایک ایسی ثقافت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے جہاں اخلاقی اقدار اور اخلاقیات کو اہمیت دی جائے اور معاشرے میں کرپشن کا خاتمہ ہو سکے۔ کرپشن ایک ناسور ہے۔ کرپشن زدہ معاشرہ والے ممالک کبھی نہیں پھلتے پھولتے ہیں۔

پولیس کی سال 2024 کی کارکردگی رپورٹ، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف پولیس متحرک، بھرپور کارروائیاں

ملزمان سے 1005 پسٹل، 43 رائفلز، 18 کاشکوف 28 ریوالور، 118 بندوق، 22 کاربین برآمد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ۔ جرائم کی شرح میں کمی، اضداد وشمار جاری۔ پولیس کی سال 2024 کی کارکردگی رپورٹ۔ جرائم پیشہ عناصر کیخلاف پولیس متحرک، بھرپور کارروائیاں۔ شہر میں ایس او ایس ناکے اور کرائم پاکٹس پر موثر گشت کو یقینی بنایا گیا۔ چوری و ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث 210 گینگز کے 609 ملزمان گرفتار۔ کریمنل گینگز کے قبضہ سے 20 کروڑ 65 لاکھ 87 ہزار روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد کیا گیا، ملزمان سے موٹر سائیکلز، طلائی زیورات، نقدی و دیگر سامان برآمد۔ ملزمان سے 1005 پسٹل، 43 رائفلز، 18 کاشکوف 28 ریوالور، 118 بندوق، 22 کاربین اور 4121 گولیاں برآمد۔ منشیات برآمدگی پر 1549 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ملزمان سے 1411 کلو چرس، 26 کلو گرام ہیروئن، 25 کلو افیون اور 10 کلو آئس، 858 کلو سبز پوست برآمد۔ 24277 لیٹر شراب اور 108 شراب کی چالو بھٹیاں برآمد کی گئیں۔ اشتہاری و عادی مجرمان کے خلاف بھی موثر کارروائیاں۔ 5741 اشتہاری ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ سنگین جرائم میں ملوث اے کیٹیگری کے 542 مجرمان جبکہ 784 عدالتی مفروران گرفتار ہوئے۔ رواں سال میں 32115 مقدمات رجسٹرڈ ہوئے، 13367 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ملزمان کے قبضہ سے 395 ملین روپے برآمد کیے گئے۔ رواں سال 76225 شہری خدمت مراکز میں دی جانے والی سہولیات سے مستفید ہوئے۔

انتقال پُرملال۔۔۔۔ حافظ عرفان مغل (محمود سینیٹری) کی زوجہ انتقال کرگئیں

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) حافظ عرفان مغل کی شریک حیات انتقال کرگئیں انکی نماز جنازہ ماڈل ٹاؤن اگوکی جنازگاہ لال پیر میں ادا کی گئی۔ جنازہ میں صدر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ سمیت عمائدین شہر کی کثیر تعداد میں شرکت کی۔ جنازہ کے بعد مرحومہ کی تدفین آبائی قبرستان لال پیر موماں کلاں میں کردی گئی۔ مرحومہ حافظ عرفان کی شریک حیات، سماجی شخصیت محمود مغل کی بھابی، حافظ ذیشان عرفان کی والدہ تھیں۔

عورتوں پر تشدد کے واقعات قابل مذمت ہیں، خالد وسیم ایڈووکیٹ

نسلوں کی بہتر پرورش اور بہتر تربیت کے لیے عورت کا مقام انتہائی اہمیت کا حامل ہے



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) کنوینیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ عورتوں پر تشدد کے واقعات قابل مذمت ہیں بڑھتے ہوئے تشدد کے واقعات نے عورت کو اضطرابی کیفیت میں مبتلا کر دیا ہے نسلوں کی بہتر پرورش اور بہتر تربیت کے لیے عورت کا مقام انتہائی اہمیت کا حامل ہے ماں بچوں کو جو تربیت دیتی ہے اسی کی بدولت معاشرہ ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہوتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے خواتین پر تشدد کے واقعات کے عالمی دن کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کیا کہ معاشرے کے ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ عورت کے حقوق کو پامال نہ ہونے دے بلکہ عورت کے حقوق کی پاسداری کے لیے کردار ادا کرے عورت کی تربیت کی بدولت ہی معاشرہ ترقی وخوشحالی حاصل کرتا ہے ہم سب کی اولین ذمہ داری ہے کہ خواتین سے پرتشدد واقعات کی روک تھام کے لیے ہر شخص اپنا اپنا کردار ادا کرے

اسسٹنٹ کمشنر ایڈمنسٹریٹر بلدیہ نے تجاوزات ختم کروادیا

شہریوں کے تمام جائز مسائل فوری حل کیے جائیں گے۔ تجاوزات پر کمپرومائز نہیں ہوگا، اسسٹنٹ کمشنر



شکرگڑھ (عمران عارف سے) طارق محمود اسسٹنٹ کمشنر ایڈمنسٹریٹر بلدیہ کا تجاوزات ختم کروانے اور شہر کی صفائی ستھرائی چیک کرنے شہر میں وزٹ۔ 30 عارضی تجاوزات ختم کروادی گی۔ شہریوں کے تمام جائز مسائل فوری حل کیے جائیں گے۔ تجاوزات پر کسی قسم کا کوئی کمپرومائز نہیں کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق طارق محمود اسسٹنٹ کمشنر ایڈمنسٹریٹر بلدیہ نے محمد نصیر چیف آفیسر بلدیہ اور انفورسمنٹ سکواڈ کے ہمراہ صبح سویرے شہر کا وزٹ کیا سڑکوں پر رکھے برگر پیزہ شوارما سٹال جو کہ ٹریفک کے لیے رکاوٹ کا باعث تھے انکو اٹھوالیا گیا 30 سے زیادہ عارضی تجاوزات ختم کی گی ہزاروں روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا شہر کی سڑکوں مونومنٹ میزائل چوک اللہ ہو چوک کو پانی سے دھویا گیا اور ان مونومنٹ پر ہر قسم کے اشتہارات لگانے پر پابندی عائد کردی گی۔ طارق محمود اسسٹنٹ کمشنر ایڈمنسٹریٹر بلدیہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی تعیناتی کے دوران شہر کی خوبصورتی تعمیر وترقی اداروں کے ساتھ بہترین کوارڈینیشن سے پبلک سروسز اور فلاح انسانیت کے لیے کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بطور اسسٹنٹ کمشنر کے میری ذمہ داری ہے کہ میں شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے پوری ایمانداری تن دہی سے کام کروں میرا آفس ہر سائل کے لیے اوپن ہے میونسپل سروسز پبلک پارکوں میں مزید سہولیات پینے کے صاف پانی جیسی بنیادی سہولیات پر فوکس کیا جائے گا۔ ہسپتال سکولوں بنیادی مراکز صحت میں طبی سہولیات کی فراہمی ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف میڈیسن کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ شہر کی صفائی ستھرائی سیوریج سسٹم کو اپ گروب کرنا روڈ لائیٹس کو مکمل طور پر فعال کروایا جائے گا۔ سید حسن رضا ڈپٹی کمشنر نارووال کی خصوصی ہدایات ہیں کے شکرگڑھ کو ہر لحاظ سے بہتر بنایا جائے لوگوں کو ضروری سہولیات پہلی ترجیح ہونی چاہیے اے سی شکرگڑھ نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ پنجاب گورنمنٹ سے مختلف سہولیات حاصل کرنے کے لیے پی ایس ای آر سنٹرز پر اپنی فیملی کی رجسٹریشن مکمل کروائیں۔

حافظ آباد شہر اور گردونواح میں سردی کی شدت کے ساتھ ہی خشک میوہ جات کی مانگ میں اضافہ ہوگیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد شہر اور گردو نواح میں سردی کی شدت کے ساتھ ہی خشک میوہ جات کی مانگ میں اضافہ ہوگیا ہے، شہر کے بازار، سڑکوں پر ریڑھیاں، رکشے اور دکانیں ڈرائی فروٹ سے سج گئیں۔ ڈرائی فروٹ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کی وجہ سے شہری صرف دکانوں میں سجی اشیاء کو دیکھ ہی گزارہ کرنے پر مجبور ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق مہنگائی نے سردی کے موسم میں مہمان نوازی کے طریقہ کار کو بدل دیا، سردی کے موسم میں مہمان یا دوست آنے پر ڈرائی فروٹ سے تواضع کرنے کی رسم بھی مہنگائی کی نذر ہونے لگی۔ ڈرائی فروٹ کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں۔ ایک سروے کے مطابق ونگے چوک، ریلوے پھاٹک، علی پور روڈ، کموکے روڈ، جلالپور روڈ، مدہریانوالہ روڈ، ونگے روڈ سمیت دیگر مقامات پر بادام کی گیری 12 سو سے 15 سو روپے کلو میں فروخت ہو رہی ہے، جبکہ اخروٹ کی قیمت 8 سو روپے کلو سے ایک ہزار روپے میں فروخت ہو رہی ہے، کاجو کی قیمت تو آسمان سے باتیں کر رہی ہے، چلغوزے کی قیمت بھی کاجو کی طرح 8 ہزار روپے کلو سے تجاوز کر گئی ہے، سردیوں کے آغاز میں جیسے ہی خشک میوہ جات کی مانگ میں اضافہ ہوتا ہے ان کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنا شروع کر دیتی ہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ڈرائی فروٹ کی کوالٹی کو چیک کر کے سرکاری طور پر نرخ مقرر کیے جائیں تاکہ خشک میوہ جات کی خریداری میں عام آدمی کو بھی ریلیف مل سکے۔

عالم اسلام کی خاموشی اسرائیل کو تسلیم کرنے کے مترادف ہے، وحید طارق بلوچ



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سیاسی وسماجی شخصیت وحید طارق بلوچ نے کہا ہے کہ عالم اسلام کی خاموشی اسرائیل کو تسلیم کرنے کے مترادف ہے، اسرائیلی گماشتوں کے مظالم دن بدن بڑھ رہے ہیں اور مسلمان حکمران غفلت میں ڈوبے ہوئے ہیں، امت مسلمہ کے حکمرانوں کو فلسطین اور کشمیریوں کے لیے آواز بلند کرنی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وحید طارق بلوچ نے کہا کہ عالمی دہشتگرد اسرائیل نے غزہ اور لبنان میں مسلمانوں کا قتل عام کر کے بین الاقوامی قوانین کی دھجیاں اڑا دی ہیں۔ مگر استعماری قوتوں سے مرعوب مسلم حکمران اسرائیل کے ایسے ظالمانہ اقدامات کی مذمتی قراردادوں سے تلافی پر اکتفا کر رہے ہیں حالانکہ اگر تمام اسلامی سربراہان مملکت اسرائیل کے خلاف مضبوط اور ٹھوس اقدامات کرنے کا اعلان کرتے تو صیہونی درندوں کی بہیمانہ کاروائیوں کا راستہ رکا جاسکتا تھا جب تک اسرائیل اور اس کے حامی یورپی ممالک کے اسلام دشمن رویے اور مسلم کشی کے ارتکاب کو آہنی ہاتھ سے روکا نہیں جاتا۔ مظلوم اور بے گناہ فلسطینیوں کا خون بہتا رہے گا۔

آئین اور قانون کی بالادستی کے لئے تحریک چلائی جارہی ہے، گی ریحانہ ڈار

مذاکرات کی کمیٹی تو بن گئی، اب دیکھتے ہیں حکومت کتنی سنجیدہ ہے، لوگوں کی نظریں اس مذاکراتی کمیٹی پر ہے، ہمیں پاکستان کی عدالتوں سے انصاف چاہیے، رہنما وٹکٹ ہولڈر تحریک انصاف



سیالکوٹ (پریس ریلیز) پاکستان تحریک انصاف رہنما وٹکٹ ہولڈر این اے 71 ریحانہ مشرقی پاکستان کی تاریخ سے سبق سیکھنا چاہئے کہ ظلم وزیادتی سے ریاست نہیں چل سکتی اگر ریاستی سطح پر سیاسی جماعتوں کو دبانے کی کوششیں کی جائیں گی تو جمہوریت دفن ہو کر رہ جائے گی اور آئین کی کوئی حیثیت نہیں رہے گی۔ پاکستان تحریک انصاف رہنما وٹکٹ ہولڈر این اے 71 ریحانہ امتیاز ڈار، پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما عمر فاروق ڈار، سابق وزیراعظم کے مشیر برائے امور نوجوانان عثمان ڈار، عامر ڈار نے یونین کونسل محمد پورہ میں رانا جہانگیر کے بھتیجے، یونین کونسل یونین میں پاکستان تحریک انصاف کے صدر خضر نصیر کے کزن چوہدری اسامہ کی شادی جبکہ یونین کونسل ماڈل ٹاؤن میں محسن اعظم کی شادی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ پاکستان تحریک انصاف رہنما وٹکٹ ہولڈر این اے 71 ریحانہ امتیاز ڈار، پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما عمر فاروق ڈار، سابق وزیراعظم کے مشیر برائے امور نوجوانان عثمان ڈار، عامر ڈار نے یونین کونسل محمد پورہ میں رانا جہانگیر کے بھتیجے، یونین کونسل یونین میں پاکستان تحریک انصاف کے صدر خضر نصیر کے کزن چوہدری اسامہ کی شادی جبکہ یونین کونسل ماڈل ٹاؤن میں محسن اعظم کی شادی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سے انصاف چاہیے صاحب اقتدار اور طاقتور حلقوں کو مشرقی پاکستان کی تاریخ سے سبق سیکھنا چاہئے کہ ظلم وزیادتی سے ریاست نہیں چل سکتی اگر ریاستی سطح پر سیاسی جماعتوں کو دبانے کی کوششیں کی جائیں گی تو جمہوریت دفن ہو کر رہ جائے گی اور آئین کی کوئی حیثیت نہیں رہے گی۔ پاکستان تحریک انصاف رہنما وٹکٹ ہولڈر این اے 71 ریحانہ امتیاز ڈار، پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما عمر فاروق ڈار، سابق وزیراعظم کے مشیر برائے امور نوجوانان عثمان ڈار، عامر ڈار نے یونین کونسل محمد پورہ میں رانا جہانگیر کے بھتیجے، یونین کونسل یونین میں پاکستان تحریک انصاف کے صدر خضر نصیر کے کزن چوہدری اسامہ کی شادی جبکہ یونین کونسل ماڈل ٹاؤن میں محسن اعظم کی شادی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

نارنگ کالا خطائی شاہدرہ روڈ پر دوسری لیئر نہ ڈالی جاسکی

ایک مہینہ روڈ استعمال ہونے کے بعد ریت بجری اور تارکول کی دوسری لیئر ڈال کر مضبوط کرنا تھا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) حال ہی میں بننے والے نارنگ کالا خطائی شاہدرہ روڈ پر دوسری لیئر نہ ڈالی جاسکی ایک مہینہ روڈ استعمال ہونے کے بعد ریت بجری اور تارکول کی دوسری لیئر ڈال کر مضبوط کرنا تھا لیکن پانچ ماہ گزر جانے کے باوجود کوئی کام شروع نہیں کیا گیا جس سے اہم ترین شاہراہ جلد دوبارہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے کا خدشہ ہے معروف گجر چوک سے کچھ فاصلے پر کھڈے پڑنا شروع ہو چکے ہیں اگر اس پر توجہ نہ دی گئی تو بہت جلد اہم ترین شاہراہ جولاہور سے براستہ شاہدرہ کالا خطائی نارنگ نارووال کرتار پور جاتی ہے ٹوٹ پھوٹ کر خستہ حالی کا شکار بن جائے گی اور حال ہی میں لگائے گئے اربوں روپے ضائع ہو جائیں گے اہل علاقہ نے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے مطالبہ کیا ہے کہ اس اہم شاہراہ کو مضبوط بنانے کیلئے دوسری لیئر ڈالنے سمیت اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ اربوں روپے کو ضائع ہونے سے بچایا جاسکے۔

گوجرانوالہ بمشنری کی زیر صدارت جاری منصوبوں اور اقدامات کا جائزہ اجلاس

سکنل فری کوریڈور سمیت جاری اقدامات اور منصوبوں بارے بریفنگ دی گئی



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق گوجرانوالہ میں ٹریفک کا نظام بہتر بنانے کیلئے جاری منصوبوں اور اقدامات کا جائزہ لینے کیلئے کمشنر سید نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت اہم اجلاس، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد، ایڈیشنل کوآرڈی نیٹر محمد شفیق بی ای او گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی شاہد عباس، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ عبدالرؤف، چیف آفیسر ضلع کونسل، میونسپل کارپوریشن، وفاقی وصوبائی محکموں کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈویلپمنٹ، شاہرات، ٹریفک، میونسپل کارپوریشن سمیت مختلف ڈیپارٹمنٹس نے سکنل فری کوریڈور سمیت جاری اقدامات اور منصوبوں بارے بریفنگ دی جبکہ گیپکو، سوئی گیس سمیت وفاقی محکموں نے سروسز کی منتقلی بارے آگاہ کیا۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ گوجرانوالہ آبادی کے لحاظ سے صوبہ پنجاب کے چند بڑے شہروں میں شامل ہے نیز انڈسٹری، کاروبار میں بھی اس شہر کو نمایاں حیثیت حاصل ہے، جس کے پیش نظر حکومت پنجاب یہاں جامع ٹرانسپورٹ سسٹم کے لئے پرعزم ہے اور ہدایت کی کہ تمام ڈیپارٹمنٹ اس حوالے سے اپنی تیاری مکمل رکھیں۔۔

مسٹر اینڈ جونیئر مسٹر پنجاب 73 واں باڈی بلڈنگ مقابلے

وزیرآباد (نامہ نگار) مسٹر اینڈ جونیئر مسٹر پنجاب 73 واں باڈی بلڈنگ مقابلے اللہ والے جیولرز اور ایور گرین انٹر پرائزز کے تعاون سے مورخہ 31 دسمبر بروز منگل صبح 9 بجے کارنیشن ماری سیالکوٹ روڈ وزیرآباد میں منعقد ہوں گے، چیف آرگنائزر رحمن البناء، احمد یار وڑائچ کے مطابق مہمانان خصوصی کمشنر نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد، سابق ایم این اے ڈاکٹر نثار احمد چیمہ، ایم پی اے وقار احمد چیمہ، اسسٹنٹ کمشنر محمد رب نواز چدھڑ، شکیلدار ہمایوں خالد وڑائچ، مسلم لیگ (ن) کے رہنما امتیاز اظہر باگڑی، سابق اے ڈی سی جی ذوالفقار علی باگڑی، صدر مرکزی تنظیم تاجران ناصر محمود اللہ والے، چوہدری احمد سعید اللہ والے و دیگر ہونگے۔ حسن البناء اللہ والے اور احمد یار وڑائچ نے کہا کہ وزیرآباد کو 16 سال بعد دوبارہ مسٹر پنجاب کے مقابلوں کی میزبانی کا شرف حاصل ہوا ہے یہ ہم سب کے لئے اعزاز کی بات ہے کہ اتنا بڑا ایونٹ ہمارے حصہ میں آیا اہلیان وزیرآباد اسے کامیاب کروانے کے لئے بھرپور شرکت کریں۔

9 مئی واقعے کو منطقی انجام تک پہنچانا ہوگا، رانا مدثر نذر خاں ایڈووکیٹ



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) نائب صدر لائیرز فورم مسلم لیگ (ن) گوجرانوالہ رانا مدثر نذر خاں ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پر امن لیگی پروگرام اس قوم کا ہے اور قوم کو ملک کیخلاف سازش پر نظر رکھنی ہے۔ 9 مئی واقعے کو منطقی انجام تک پہنچانا ہوگا پاکستان کو شام اور عراق ماڈل پر پرکھا جارہا ہے، بڑے عرصے سے سول نافرمانی کی بات ہو رہی ہے ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے سامنے احتجاج اور امداد نہ دینے کے خطوط لکھے گئے جبکہ لابنگ فرم کے ہائرڈ کانگریس مین کے ذریعے حملہ آور ہونیکی کوشش بھی کی گئی تحریک انصاف پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ معیشت بہتر ہو رہی تھی تو کچھ لوگ پاکستان پر حملہ آور تھے اور 26 نومبر کو پاکستان پر حملہ کر کے ملک کی پیٹھ میں چھرا گھونپا گیا۔ بدقسمتی سے افغانستان جیسا ملک بھی آنکھیں دکھا رہا ہے اور پی ٹی آئی کے ٹوئٹر اکاؤنٹس اس سب پر شادیانے بجا رہے ہیں۔ بانی پی ٹی آئی کا اعتراف کہ ملکی معیشت بہتر ہوگئی ہے۔ یہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت کی کامیابی معاشی پالیسیوں کا اعتراف ہے۔ ملکی معیشت کی بہتری میں رکاوٹیں ڈالنے والے ہی آج اعتراف کر رہے ہیں کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے ملک اور ڈیفالٹ ہونے سے بچایا ہوا ہے۔

ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ کے زیر اہتمام 205 واں فری طبی کیمپ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ کے زیر اہتمام 205 واں فری طبی کیمپ بمقام اعجاز مارکیٹ جھمرہ روڈ شاہراہ اقبال 3 جنوری بروز جمعہ صبح 9 بجے تا 1 بجے دوپہر منعقد ہوگا جس میں معروف نبض شناس حکیم منظور حسین مکی بزریعہ نبض تشخیص کر کے جو ادویات تجویز کریں گے ادارہ کی جانب سے ایک ایک ماہ کی مفت فراہم کی جائیں گی اس کے علاوہ جماعہ پیشگشٹ ڈاکٹر محمد عائز اور ڈینٹل کیمپ ملک مظفر اعوان دانتوں کے مریضوں کا مفت معائنہ کریں گے

میاں محمد معظم نواز سٹی پریس کلب نارنگ کے صدر منتخب

شاہد یوسف چیئرمین محمد صاحب جنرل سیکرٹری اعظم علی باجوہ وائس چیئرمین ہوں گے



نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سٹی پریس کلب نارنگ کے انتخابات 2025 شاہد یوسف چیئرمین اعظم علی باجوہ وائس چیئرمین شکیل احمد مغل چیئرمین سپریم کونسل میاں محمد معظم نواز صدر ظہیر ارشد مغل نائب صدر محمد صاحب میو جنرل سیکرٹری ولید اٹھوال سیکرٹری اطلاعات میاں منشاء عثمان مان سیٹھ وقاص ممبران سپریم کونسل اور مرزا عبدالباسط ایڈووکیٹ لیگل ایڈوئزر منتخب اس موقع پر نومنتخب عہدیداران کا کہنا تھا کہ مثبت صحافت کے فروغ اور شہر کی بہتری کیلئے کوشش کرتے رہیں گے ہمیشہ مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے اعلی حکام تک آواز بلند کی ہے جہاں تک ممکن ہو سکا قلم کے ذریعے علاقے کی بہتری اور مسائل کے خاتمے کیلئے کردار ادا کرتے رہیں گے ہمارے دروازے ہر کسی کیلئے کھلے ہوئے ہیں بے لوث کام کر رہے ہیں۔

جناح شاپنگ سنٹر اور چرچ روڈ کی دوکانوں کو سیل کرنے کا حکم

بقایاجات ادا نہ کرنے کی وجہ سے دوکانوں کو سیل کیا گیا، کمشنر کا تاجروں کی وعدہ خلافی پر اظہار افسوس

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا تاجروں کی وعدہ خلافی پر اظہار افسوس، بقایاجات ادا نہ کرنے پر جناح شاپنگ سنٹر اور چرچ روڈ کے 42 دوکانداروں نے کوئی بقایا جمع نہ کروایا جس پر کمشنر شعیب اقبال سید نے اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب کو ہدایت کی کہ بقایاجات ادا نہ کرنے والے دوکانداروں کی دوکانوں کو فوری سیل کر دیا جائے۔ انہوں نے عارف والہ پل پر ریڑھیوں کے ٹریفک کی روانی میں خلل ڈالنے کا بھی نوٹس لیا اور انفورسمنٹ انسپکٹر خالد ضیاء کو ہدایت کی کہ سڑک اور عارف والا پل پر کھڑے ہونے والی ریڑھیوں کو جرمانے کئے جائیں اور انہیں صفائی رکھنے کا بھی پابند کیا جائے۔ ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا تاجروں کی وعدہ خلافی پر اظہار افسوس، بقایاجات ادا نہ کرنے پر جناح شاپنگ سنٹر اور چرچ روڈ کے 42 دوکانداروں نے کوئی بقایا جمع نہ کروایا جس پر کمشنر شعیب اقبال سید نے اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب کو ہدایت کی کہ بقایاجات ادا نہ کرنے والے دوکانداروں کی دوکانوں کو فوری سیل کر دیا جائے۔ انہوں نے عارف والہ پل پر ریڑھیوں کے ٹریفک کی روانی میں خلل ڈالنے کا بھی نوٹس لیا اور انفورسمنٹ انسپکٹر خالد ضیاء کو ہدایت کی کہ سڑک اور عارف والا پل پر کھڑے ہونے والی ریڑھیوں کو جرمانے کئے جائیں اور انہیں صفائی رکھنے کا بھی پابند کیا جائے۔

کمشنر کا رات گئے شہریوں کو دی جانے والے طبی سہولیات کا جائزہ

سرکاری ہسپتالوں سے غیر حاضر ڈاکٹرز و عملہ کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے رات گئے شہریوں کو دی جانے والے طبی سہولیات کا جائزہ لینے کے لیے بنیادی مرکز صحت کھیاڑے کلاں کا اچانک دورہ کیا۔ بنیادی مرکز صحت کھیاڑے کلاں میں تعینات عملہ غیر حاضر پایا گیا۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے سی او ہیلتھ کو بنیادی مرکز صحت کا تمام عملہ معطل کرنے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ غیر حاضر عملے کو فی الفور معطل کر کے سخت محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں سے غیر حاضر ڈاکٹرز و عملہ کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، عوام الناس کی طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ ڈی سی محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ شہریوں کی خدمت نہ کرنے والے افسران وملازمین کی ضلع میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں جاری ری ویمپنگ کا جائزہ لیا۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ہسپتالوں کی تزئین و آرائش کا عمل دن رات جاری ہے۔

روزنامہ قوت نے سٹی ہاؤسنگ الیکشن ڈے پر متحارب امیدوار ایک کر دیئے

امیدوار صدر نثار سلہری و عمران شاہ نے روزنامہ قوت کیلئے خصوصی تصویر بنوائی الیکشن ایک دن کا ہماری محبتیں لازوال ہیں۔ چوہدری امتیاز علی وریاہ



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ انتخابات دو سال کے بعد منعقد ہوئے جس میں سید عمران شاہ دوسال سے صدر سٹی ہاؤسنگ رہے ان کا مقابلہ اس دفعہ امیدوار صدر نثار احمد سلہری کے ساتھ ہو رہا ہے جس کیلئے دونوں صدارتی دوڑ کے امیدواران اور انکے سپورٹرز و ووٹرز کے درمیان زبردست مقابلہ بازی کی فضاء دکھائی دیتی ہے۔ پولنگ ڈے کے موقع پر کھانے کے وقفہ کے دوران دلچسپ صورتحال اسوقت سامنے آئی جب سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے انتخابات 2025/26 کے موقع پر ون ٹو ون مقابلہ کے صدارتی امیدواران نثار احمد سلہری اور سید عمران شاہ ساتھیوں کے

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

زندگی کیا ہے

میں ابھی تک نہیں بتایا تھا۔ میں اچھی طرح سمجھ چکا تھا کہ پردہ نشیں کا کیس کہیں سے سلجھ کر کوئی بہت ہی خبیث و خوبصورت کا بے ہودہ اسکینڈل بننے جا رہا ہے۔ میرا ساتھی مسلسل باتوں میں مصروف تھا اور میں اس کی باتوں کو اس کے لہجے کی مصنوعیت اب صاف شرمندہ کر رہی تھی کیونکہ میرے ساتھی نے مجھے اسی وقت سے جانا ہے جب سے میرا ساتھی اس کے ساتھ ہے۔ میرا ساتھی اس کی باتوں کی طرف دھیان دیتا کبھی اللہ تعالیٰ کا ذکر اور ساتھ ساتھ پنجاب کی دیہاتی زندگی کا enjoy کرتا جا رہا تھا۔ میرے ساتھی میرا ایسا منظر جب میں داخل ہوا تھا تو میں نے مغرب کے بعد کی دیہاتی زندگی سے بہت ہی مختلف گلیوں سے گزرتے ہوئے ایک پرانے ٹرک آلو لوڈ اور لوکل گاں میں ہی گزارا ہے اس لیے دیہاتی زندگی کے رنگوں کو خوب انجوائے کر رہا تھا اور پھر ایک لمبے سفر کے بعد ہم اس منظر میں داخل ہو گئے اور مختلف گلیوں سے ہوتے ہوئے ایک پرانے طرز کے بڑے سے گھر کے سامنے جا کر رکے۔ میرا ساتھی اور میں اس قدر تھکے ہوئے تھے کہ ہم نے نہ تو کچھ کھایا اور نہ ہی کچھ پیا۔ ہم مایوسی کے سمندر میں اس حد تک غرق ہو چکے تھے کہ ہم میں کسی پر اعتبار نہیں رہا۔ ہم وہاں باہوں کو ڈالوں کی چارپائیوں پر بچھے ہوئے بستروں پر لیٹ گئے۔ سفر کی تھکاوٹ اور مایوسی کے بادل ہم پر اس قدر چھائے ہوئے تھے کہ ہم میں سے کسی نے بھی ایک دوسرے سے کوئی بات نہیں کی۔ ہم نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا تک نہیں



میرٹ اور ایمانداری ہوگی تو کھیلوں میں کامیابی خود ملے گی نومنتخب صدر پی او سی

ہم سب کے ساتھ مل کر کھیلوں کی ترقی کے لیے کام کریں گے اور یہی ہمارا مقصد ہے۔ ہم مل کر کر طے کریں گے کہ ہم نے کھیل اور کھلاڑیوں کی کامیابی کے لیے کیا کرنا ہے، عارف سعید کی گفتگو

لاہور (شہروز میاں سے) پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن (پی او سی) کے نومنتخب صدر عارف سعید نے کہا ہے کہ میرٹ اور ایمانداری کریں گے تو کھیلوں میں کامیابی خود ملے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عارف سعید کا کہنا تھا کہ پہلا ہدف انتظامی امور سے بڑھ کر کھیل کے اقدار کو اہمیت دینا ہے۔ کھیلوں میں اخلاقیات اور اسپورٹسمین شپ کو لیکر آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سوچ اب فرسودہ ہو چکی ہے کہ ہم پہلے میڈل لیں گے اور پھر ایماندار ہو جائیں گے۔ اولمپک ازم کے مطابق ہاؤس کو چلانے کی کوشش کریں گے۔ عارف سعید کا کہنا تھا کہ ہم سب کے ساتھ مل کر کھیلوں کی ترقی کے لیے کام کریں گے اور یہی ہمارا مقصد ہے۔ ہم مل کر کر طے کریں گے کہ ہم نے کھیل اور کھلاڑیوں کی کامیابی کے لیے کیا کرنا ہے۔ نو منتخب صدر پی اوسی نے کہا کہ ساؤتھ ایشین گیمز کے لیے ابھی بہت کام پڑا ہے، گیمز کے لیے بہت سرمائے کی ضرورت ہے۔ حکومت کے ساتھ مل کر ساؤتھ ایشین گیمز کو پاکستان کا شوکیس بنائیں گے۔ پاکستان سافٹ گیمز کرائے گا تو بڑی گیمز کے لیے آگے بڑھے گا۔ انکا کہنا تھا کہ سندھ حکومت نے نیشنل گیمز کی منظوری دیدی ہے۔ نیشنل گیمز کی تاریخیں اپریل مئی کے دوران طے ہو جائیں۔



کوربن بوش اور رباداسے جیتا ہوا میچ چھین لیا، شان مسعود



نیچورین (این این آئی) ٹیسٹ کرکٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود کا کہنا ہے ہم نے میچ جیتنے کے کئی مواقع گنوائے، پہلی اننگز میں کوربن بوش، دوسری میں رباداسے جیتا ہوا میچ چھین لیا۔ میچ کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹیسٹ میچ جیتنے کیلئے اہم موقع پر فائدہ اٹھانا ہوتا ہے، ہم نے بار بار جنوبی افریقا کو میچ میں واپس آنے کا موقع دیا، ہم نے اچھی کرکٹ کھیلی مگر اختتام نہ کرسکے۔ آسٹریلیا میں بھی ہمارے ساتھ یہی ہوا تھا، سعود اور عباس کی کارکردگی اچھی تھی، نیچورین میں پنچری کرنا بڑا کارنامہ ہوتا، ایسا نہیں ہے کہ ہمارے بالرز میں کوالٹی نہیں، ہمارے بالرز نے بہترین باؤلنگ کی۔ ہم نے ٹیسٹ کی بہترین ٹیم بننا ہے تو ان غلطیوں سے سیکھنا ہوگا، ہمارے کئی کھلاڑی ایسے ہیں جو پہلی بار جنوبی افریقا میں کھیل رہے ہیں، ہم نے بیٹنگ میں بھی غلطیاں کیں جس کا اعتراف میں کرچکا ہوں۔ صائم اور میری، بابر اور سعود کی لمبی پارٹنرشپ میچ میں تبدیلی لاسکتی تھی۔ شان مسعود نے کہا کہ ٹیسٹ کی چاروں اننگز میں دونوں ٹیموں کے درمیان فرق رہا۔ پاکستانی ٹیم نے مقابلہ اچھا کیا لیکن وہ میچ پر گرفت نہ رکھ سکے۔ شان مسعود نے کہا کہ ہمیں ان کنڈیشنز میں مقابلے کو اپنے حق میں کرنا سیکھنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ محمد عباس اور سعود شکیل نے جو کارکردگی پیش کی اس کی وجہ سے ہمیں ٹیسٹ جیتنا چاہیے تھا۔

ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے پوائنٹس کس طرح ملتے ہیں؟

سڈنی (این این آئی) ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں ہر ٹیم 2 سال کے سائیکل میں میچز کھیلتی ہے، رواں سائیکل جون 2023 میں شروع ہوا تھا جو جون 2025 میں ختم ہوگا۔ سائیکل کے دوران ہر ٹیم 6 ٹیسٹ سیریز کھیلتی ہے جس میں سے 3 ہوم گراؤنڈ پر اور 3 اوے ہوتی ہیں، ہر جیتنے والی ٹیم کو 6 پوائنٹس ملتے ہیں، میچ برابر ہونے پر دونوں ٹیموں کو 6،6 اور میچ ڈرا ہونے پر دونوں ٹیموں کو 4،4 پوائنٹس ملتے ہیں۔ تاہم اگر کوئی ٹیم اپنی 6 ٹیسٹ سیریز کے دوران نمبر کے اعتبار سے کم یا زیادہ ٹیسٹ میچز کھیلتی ہے تو پھر اس کا حساب میچ جیت کر حاصل ہونے والے پوائنٹس کو دیکھ کر فیصد کے اعتبار سے کیا جائے گا یعنی جیت پر ملنے والے 12 پوائنٹس کے 100 فیصد، میچ برابر ہونے پر 6 پوائنٹس یعنی 50 فیصد اور میچ ڈرا ہونے پر 4 پوائنٹس یعنی 33 اعشاریہ 3 فیصد ملیں گے۔

اے ایس بی کلاسک ٹینس ٹورنامنٹ منگل سے شروع ہوگا

آکلینڈ (این این آئی) ایسوسی ایشن آف ٹینس پروفیشنلز (اے ٹی پی) 250 اور ویمنز ٹینس ایسوسی ایشن (ڈبلیو ٹی اے) 250 کے زیر اہتمام اے ایس بی کلاسک ٹینس ٹورنامنٹ کل (منگل سے) نیوزی لینڈ میں شروع ہوگا۔ ٹورنامنٹ منتظمین کے مطابق ٹورنامنٹ کے لئے تیاریاں جاری ہیں۔ ٹورنامنٹ میں مینز سنگلز، ویمنز سنگلز، مینز ڈبلز اور ویمنز ڈبلز مقابلے ہوں گے۔

قومی ٹیم چیمپئنز ٹرافی جیت کر اپنے اعزاز کا دفاع کرسکتی ہے، یونس خان

اپنے اعزاز کا دفاع کرنے والی قومی ٹیم اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرکے وکٹری اسٹینڈ تک رسائی کرسکتی ہے، گفتگو



کراچی (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم سابق ٹیسٹ کپتان یونس خان نے چیمپئنز ٹرافی میں ٹیم سے امیدیں وابستہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اپنے اعزاز کا دفاع کرنے والی قومی ٹیم اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرکے وکٹری اسٹینڈ تک رسائی کرسکتی ہے۔ سابق کپتان یونس خان نے کہا کہ پاکستان کرکٹ ٹیم ان دنوں اچھی کارکردگی پیش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آسٹریلیا اور پھر زمبابوے کے بعد جنوبی افریقہ کے خلاف کارکردگی کو مدنظر رکھ کر کہا جاسکتا ہے کہ پاکستانی ٹیم چیمپئنز ٹرافی میں ضرور وکٹری اسٹینڈ پر پہنچ کر ملک کا لالی پرچم بلند کرے گی۔ یونس خان نے کہا کہ پاک بھارت کرکٹ کا انعقاد ضرور ہونا چاہیے، دونوں ممالک کے درمیان کرکٹ سے کھیل کو تقویت ملے گی اور پاک بھارت تعلقات میں مزید بہتری آئے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ کھیلوں کے فروغ میں کمیونٹی کرکٹ اہم ہے۔

صحیح بتاؤں تو میں اس وقت ٹوائلٹ میں تھا، ٹیمبا باووما



نیچورین (این این آئی) جنوبی افریقا کی کرکٹ ٹیم کے کپتان ٹیمبا باووما نے پاکستان کے خلاف ٹیسٹ میں سنسنی خیز لمحات میں اپنی مصروفیت سے متعلق بتا دیا۔ پاکستان کے خلاف میچ جیتنے کے بعد جنوبی افریقا کے کپتان ٹیمبا باووما کا پریس کانفرنس میں دلچسپ جواب دیا۔ جنوبی افریقا کے کپتان سے سوال کیا گیا کہ تناؤ کی صورتحال میں جب پارٹنرشپ جاری تھی فیلڈز بھی پریشان تھے تب آپ کیا کر رہے تھے؟ اس پر انہوں نے جواب دیا کہ صحیح بتاؤں تو میں اس وقت ٹوائلٹ میں تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ میں اس وقت باہر آیا جب جیت کے لیے 15 رنز درکار تھے۔ خیال رہے کہ نیچورین ٹیسٹ میں جنوبی افریقا نے پاکستان کو سنسنی خیز مقابلے میں دو وکٹوں سے شکست دے دی اور دو میچوں کی سیریز میں ایک صفر کی برتری کے ساتھ اگلے سال ہونے والے ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل میں بھی جگہ پکی کرلی۔

آسٹریلیا میں ٹیسٹ میچ کے دوران تماشائیوں کی تعداد کا ریکارڈ ٹوٹ گیا

میلبرن (این این آئی) آسٹریلیا میں ٹیسٹ میچ کے دوران تماشائیوں کی تعداد کا ریکارڈ ٹوٹ گیا۔ میلبرن کرکٹ گراؤنڈ میں ٹیسٹ میچ کے دوران تماشائیوں کا آل ٹائم نیا ریکارڈ قائم ہو گیا۔ بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان کھیلے جا رہے چوتھے ٹیسٹ میچ نے 87 سالہ پرانا ریکارڈ توڑ دیا۔ 1937ء میں ایم سی جی میں 3 لاکھ 50 ہزار 34 تماشائیوں نے میچ دیکھا تھا تاہم آسٹریلیا اور بھارت کے ٹیسٹ میچ کے پانچویں دن کے پہلے سیشن تک 3 لاکھ 51 ہزار 104 تماشائی آئے ہیں۔ 1937ء میں آسٹریلیا اور انگلینڈ کے ہونے والے باکسنگ ڈے ٹیسٹ میچ میں تماشائیوں کا یہ ریکارڈ قائم ہوا تھا، آسٹریلیا نے ٹیسٹ میچ ڈان بریڈ مین کی قیادت میں کھیلا تھا۔ بورڈ گواسکر ٹرافی کے باکسنگ ڈے ٹیسٹ کے پہلے روز 87 ہزار 242 تماشائی آئے تھے۔ واضح رہے کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2022ء میں ایم سی جی میں پاک بھارت میچ میں 90 ہزار 293 تماشائی آئے تھے۔

تیسری ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا فائنل تاریخی لارڈز گراؤنڈ میں 11 جون 2025 سے شروع ہوگا

لارڈز (این این آئی) تیسری ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا فائنل انگلینڈ کے تاریخی لارڈز گراؤنڈ میں 11 جون 2025 سے شروع ہوگا۔ اب دیکھنا ہے کہ جنوبی افریقا کے ساتھ دوسری کونسی ٹیم فائنل کھیلے گی۔ آئی سی سی کی جانب سے 2019 میں ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا اعلان کیا گیا تھا اور 2021 میں ہونے والے پہلے فائنل میں نیوزی لینڈ نے بھارت کو شکست دی تھی جبکہ 2023 میں ہونے والے فائنل میں بھارت کو آسٹریلیا کے ہاتھوں شکست کا مزہ چکھنا پڑا تھا۔

بابر اعظم آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی کرکٹر آف دی ایئر کیلئے نامزد

بھارت کے ارشدیپ سنگھ، زمبابوے کے سکندر رضا اور اور آسٹریلیا کے ٹریوس ہیڈ کو بھی ایوارڈ کے لیے نامزد



نیچورین (این این آئی) پاکستان کے اسٹار بیٹر بابر اعظم آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی کرکٹر آف دی ایئر کے لیے نامزد ہوگئے۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ایوارڈز 2024ء کے لیے مینز ٹی ٹوئنٹی کرکٹر آف دی ایئر کے لیے نامزدگیوں کا اعلان کردیا گیا ہے۔ بھارت کے ارشدیپ سنگھ، زمبابوے کے آل راؤنڈر سکندر رضا اور اور آسٹریلیا کے ٹریوس ہیڈ کو بھی ایوارڈ کے لیے نامزد کیا گیا ہے۔ ارشدیپ سنگھ نے 18 میچز میں 36 وکٹیں حاصل کی ہیں جبکہ سکندر رضا نے 24 میچز میں 573 رنز بنائے اور 24 وکٹیں حاصل کیں۔ بابر اعظم نے 24 میچز میں 738 جبکہ ٹریوس ہیڈ نے 15 میچز میں 539 رنز بنائے ہیں۔ سال 2024ء میں مختلف کیٹیگریز میں بہترین پرفارمرز کو ایوارڈز دیے جائیں گے، اس حوالے سے نامزدگیوں کے اعلان کا سلسلہ 30 دسمبر تک جاری رہے گا۔ ایوارڈز حاصل کرنے والوں کے ناموں کا اعلان جنوری کے آخر میں کیا جائے گا۔

آسٹریلیا نے چوتھے ٹیسٹ میں بھارت کو 184 رنز سے ہرادیا

بھارتی ٹیم 340 رنز کے ہدف کے تعاقب میں 155 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی

میلبرن (این این آئی) آسٹریلیا نے چوتھے ٹیسٹ میچ میں بھارت کو 184 رنز سے شکست دے دی۔ میلبرن کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے گئے میچ میں بھارتی ٹیم 340 رنز کے ہدف کے تعاقب میں 155 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی۔ ہدف کے تعاقب میں بھارت کے صرف 2 بیٹرز ہی ڈبل فیگر میں شامل ہو سکے۔ یشاسوی جیوال 84 اور رشبھ پنت 30 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ آسٹریلیا کی جانب سے کپتان پیٹ کمنز اور اسکاٹ بولینڈ نے 3،3 وکٹیں حاصل کیں۔ چوتھے ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں آسٹریلیا نے 474 رنز بنائے تھے جبکہ بھارتی ٹیم 369 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی، میزبان ٹیم نے 105 رنز کی برتری حاصل کرلی تھی۔ آسٹریلیا کی ٹیم دوسری اننگز میں 234 رنز بنا سکی تھی اور بھارت کو جیت کے لیے 340 رنز کا ہدف دیا تھا۔



حبا بخاری اور آرز احمد کے ہاں بیٹی کی پیدائش

حبا بخاری نے ستمبر 2024 میں اپنے حاملہ ہونے کی تصدیق کی تھی



کراچی (شوبز ڈیسک) مقبول اداکارہ حبا بخاری اور اداکار آرز احمد کے ہاں پہلی بیٹی کی پیدائش ہوگئی، جوڑے نے اپنے ہاں پہلے بچے کی پیدائش کا اعلان دو ماہ بعد کیا۔ حبا بخاری اور آرز احمد نے انسٹاگرام پوسٹ میں تصدیق کی کہ ان کے ہاں دو ماہ قبل بیٹی کی پیدائش ہوئی تھی۔ دونوں نے مشترکہ پوسٹ میں بتایا کہ انہوں نے بیٹی کا نام آئینور (AYNUR) رکھا ہے، جس کی معنی چاندنی ہے۔ دونوں نے اپنی پوسٹ میں مداحوں کی جانب سے نیک خواہشات پر ان کا شکریہ ادا کیا جب کہ اولاد کی نعمت سے نوازنے پر انہوں نے شکرانے ادا کیے۔ دونوں نے بیٹی کی پیدائش کو اپنی زندگی کے لیے رحمت قرار دیا اور ساتھ ہی بتایا کہ ان کے ہاں بچی کی پیدائش دو ماہ قبل ہوئی تھی۔ دونوں نے 29 دسمبر کو سوشل میڈیا پوسٹ میں اپنے ہاں بیٹی کی پیدائش کی تصدیق کی۔ دونوں نے واضح نہیں کیا کہ انہوں نے اپنے ہاں پہلے بیٹی کی پیدائش کی بات دو ماہ تک خفیہ کیوں رکھی اور اب والدہ اور بچی کی طبیعت کیسی ہے؟ دونوں نے یہ بھی نہیں بتایا کہ حبا بخاری نے بچی کو کہاں جنم دیا؟ حبا بخاری نے ستمبر 2024 میں اپنے حاملہ ہونے کی تصدیق کی تھی اور انہیں پہلی بار لندن میں ہونے والے ہم ایوارڈز کی تقریب میں بے بی بمپ کے ساتھ دیکھا گیا تھا۔

ہم ہالی ووڈ والوں سے بڑے لوگ ہیں: خلیل الرحمٰن قمر

کراچی (شوبز ڈیسک) معروف پاکستانی ڈرامہ نگار خلیل الرحمٰن قمر نے پاکستانی فلموں کو ہالی ووڈ فلموں سے بہتر قرار دے دیا۔ خلیل الرحمٰن قمر نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر دلچسپ گفتگو کی۔ اس پوڈ کاسٹ میں ان سے یہ سوال پوچھا گیا کہ آپ نے اب تک کونسی ایسی فلم یا ڈرامہ لکھا ہے جس پر آپ کی یہ خواہش کی ہو کہ اس پر ہالی ووڈ میں بھی فلم بننی چاہیے؟ ڈرامہ نگار نے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ میں ہالی ووڈ کے بارے میں سوچتا ہی نہیں ہوں، آپ لوگ بچوں والی باتیں کیوں کرتے ہیں؟ انہوں نے مزید کہا کہ ہم ہالی ووڈ والوں سے بڑے لوگ ہیں، ان کے پاس صرف وسائل ہم سے بڑے ہیں، تخلیقی صلاحیت کسی امریکا، انڈیا یا جاپان کی محتاج نہیں ہے، ہم لوگ یہاں نہ ہونے کے برابر وسائل میں اچھی فلمیں بناتے ہیں۔

نئے سال ایک نئی شروعات کیلئے تیار ہوں، ملائکہ اروڑا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ ملائکہ اروڑا نے کہا ہے کہ وہ نئے سال اور اپنی زندگی میں ایک نئی شروعات کیلئے تیار ہیں۔ ایک انٹرویو میں ملائکہ اروڑا نے کہا کہ میں ایک نجی شخصیت ہوں اور میری زندگی کے کچھ ایسے پہلو بھی ہیں جو میں سب کے سامنے وضاحت نہیں کرنا چاہتی۔ ان کا کہنا تھا کہ میں اپنی ذاتی زندگی کے بارے میں بات کرنے کیلئے کبھی بھی سوشل میڈیا پلیٹ فارم کا انتخاب نہیں کروں گی لہٰذا ارجن نے جو کچھ بھی کہا ہے وہ مکمل طور پر ان کا اختیار ہے۔ ملائکہ نے مزید کہا کہ میں صرف یہ کہنا چاہتی ہوں کہ یہ مختلف وجوہات کی بنا پر بہت مشکل سال رہا، میرے خیال میں اب وقت آگیا ہے کہ ہم سب اس سال میں جو کچھ ہوا اس سے آگے بڑھیں۔

ملیالم اداکار دلیپ شنکر کو تھروونتھپورم شہر میں واقع ایک ہوٹل کے کمرے میں مردہ پائے گئے

ممبئی (این این آئی) ملیالم اداکار دلیپ شنکر کو تھروونتھپورم شہر میں واقع ایک ہوٹل کے کمرے میں مردہ پائے گئے۔ انکی موت کی وجہ اب تک معلوم نہیں ہوسکی ہے، مقامی میڈیا کے مطابق وہ 19 دسمبر سے اس ہوٹل میں موجود تھے۔ ان کے ساتھی اداکار انہیں فون کر رہے تھے لیکن فون نہیں اٹھایا گیا، جس کے بعد وہ انہیں چیک کرنے آئے اور ہوٹل کے اسٹاف کو بتایا، جس پر جب دروازہ کھولا گیا تو وہ کمرے میں مردہ پائے گئے۔ معلوم ہوا ہے کہ وہ ٹی وی سیریز پیشکنی کی شوٹنگ کے لیے یہاں آئے تھے، شو کے ڈائریکٹر نے پولیس کو بتایا کہ دلیپ شنکر کافی بیمار تھے اور ان کا علاج چل رہا تھا۔

پلک تیواری اور ابراہیم علی خان کے افیئر پر شویتا تیواری کا بیان سامنے آگیا



ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارتی اداکارہ شویتا تیواری نے ایک انٹرویو میں اپنی بیٹی پلک تیواری اور سیف علی خان کے بیٹے ابراہیم علی خان کے افیئر کی افواہوں پر لب کشائی کی ہے۔ پلک تیواری اور ابراہیم علی خان کے تعلقات کی خبریں کچھ عرصے سے گردش میں ہیں تاہم پلک کی ماں شویتا تیواری نے پہلی بار اس حوالے سے کوئی بات کی ہے۔ اداکارہ شویتا تیواری نے ٹی وی انڈسٹری میں جہاں مشکل لیکن شاندار سفر طے کیا ہے وہیں ایک سنگل ماں کی حیثیت سے اپنی بیٹی پلک تیواری کی تربیت میں بھی انھیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اداکارہ کو اپنے شوبز کیریئر کی ابتدا سے ہی افواہوں اور ٹرولنگ کا سامنا رہا۔ یہی وجہ ہے کہ شویتا ایک ماں کے طور پر اپنی بیٹی کو ٹرول کرتے ہوئے دیکھ کر خوفزدہ ہوجاتی ہیں۔ ایک خصوصی گفتگو کے دوران شویتا نے پلک تیواری کے تعلقات اور ڈیٹنگ کی افواہوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ افواہیں سننے کو ملتی ہیں کہ میری بیٹی ہر تیسرے آدمی کو ڈیٹ کررہی ہے، اور میں ہر سال شادی کررہی ہوں۔ پلک کے معاشقوں کی افواہوں پر بات کرتے ہوئے شویتا کا کہنا تھا کہ ''افواہیں اب مجھے پریشان نہیں کرتیں۔ ان تمام برسوں میں، میں نے محسوس کیا ہے کہ لوگوں کی یادداشت صرف چار گھنٹے تک رہتی ہے، اس کے بعد وہ خبر بھول جاتے ہیں۔ تو پھر پریشان کیوں ہوا جائے؟'' شویتا نے کہتے ہوئے کہا کہ افواہوں کے مطابق تو میں پہلے ہی تین بار شادی کرچکی ہوں۔

سال 2024: کونسی شوبز شخصیات نے زندگی کے نئے سفر کا آغاز کیا؟

اداکار شہریار منور نے حال ہی میں اداکارہ ماہین صدیقی سے شادی کی

لاہور (شوبز ڈیسک) سال 2024 پاکستانی شوبز انڈسٹری کے لیے شادیوں سے بھرپور رہا جہاں کئی مشہور شخصیات نے ازدواجی زندگی کا آغاز کیا۔ اداکار شہریار منور نے حال ہی میں اداکارہ ماہین صدیقی سے شادی کی، ان کی شادی تقریبات میں ڈھولکی، قوالی نائٹ، ہلدی اور شب برات شامل تھیں، اداکار کی شادی کی تقریبات میں ماہرہ خان، مومل شیخ، احمد رضا میر، عدیل حسین، جمی خان اور علی حمزہ سمیت دیگر فنکاروں نے شرکت کی۔ اس خوبصورت موقع کیلئے نئے نویلے جوڑے نے سفید لباس کا انتخاب کیا جس میں دونوں حسین دکھائی دے رہے تھے، اداکار جوڑی کی شادی کی تصاویر سوشل میڈیا پر چھائی رہیں۔ رواں سال کے دوسرے ماہ (فروری) میں اداکارہ شناء جاوید نے قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شعیب ملک سے دوسری شادی کرلی۔ مقبول اداکارہ و پروڈیوسر حنا رضوی نے بھی 2024 میں زندگی کے نئے سفر کا آغاز کیا اور خاموشی سے سوشل میڈیا سٹار عمار احمد خان سے شادی کرلی۔ رواں برس اداکارہ عریشہ رضی بھی رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئیں، انہوں نے عبداللہ فرخ کو اپنا جیون ساتھی منتخب کیا۔ سال 2024 میں اداکار فیروز خان نے بھی دوبارہ زندگی کے نئے سفر کا آغاز کیا اور ڈاکٹر زینب کو اپنا جیون ساتھی چنا، فیروز خان اپنے آفیشل انسٹاگرام اکاؤنٹ پر دلہن کے ساتھ تصویر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ میری زندگی میں خوش آمدید۔

سال 2024: وہ نامور شوبز شخصیات جو ہم میں نہ رہیں



لاہور (شوبز ڈیسک) سال 2024 میں پاکستان نے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی کئی نامور شخصیات کو کھو دیا۔ رواں سال اپنے اختتام کی جانب بڑھ رہا ہے اور سال کا اختتام ہونے میں ایک روز باقی رہ گیا ہے، سال کا اختتام غم اور خوشی کے ملے جلے احساسات کو جنم دے رہا ہے۔ آیئے ان لوگوں کے زندگی کے خاکوں پر ایک نظر ڈالتے ہیں جو 2024 میں دنیا کو خیر باد کہہ کر موت کی آغوش میں جا چکے ہیں۔ خالد بٹ رواں سال کے آغاز میں 11 جنوری 2024 دنیائے فانی سے کوچ کر گئے، ان کی بے وقت موت نے دیرینہ پرستاروں اور ناظرین کی نئی نسل دونوں پر گہرا اثر چھوڑا جنہوں نے حال ہی میں ڈرامہ سیریل ''بچی'' میں ان کو اداکاری کے جوہر دکھاتے ہوئے دیکھا تھا۔ خالد بٹ ایک تجربہ کار اداکار تھے جنہوں نے اپنے شاندار کیریئر کا آغاز 1970 میں پی ٹی وی سے کیا، انہوں نے اردو اور پنجابی فلموں اور کئی مشہور ڈراموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے، اپنے کیریئر کے دوران انہوں نے اپنی ورسٹائل پرفارمنس کے لیے وسیع پیمانے پر پہچان اور تعریف حاصل کی۔ خالد بٹ کو ان کی فنی خدمات پر حکومت کی جانب سے پرائیڈ آف پرفارمنس ایوارڈ سے بھی نوازا گیا۔ شوبز سے مختصر وقفے کے بعد انہوں نے نئے ڈراموں زندگی مگر اوخیٰ کے ساتھ ٹیلی ویژن پر زبردست واپسی کی، ان ڈراموں کی تیاری کے دوران خالد کو صحت کے اہم چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا جن میں دل اور پھیپھڑوں کے مسائل بھی شامل تھے۔ ان مشکلات کے باوجود وہ اپنے فن کے لیے غیر متزلزل وابستگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے کام کیلئے محنت کرتے رہے۔ پاکستان ٹیلی ویژن لاہور سے تعلق رکھنے والے منجھے ہوئے ڈائریکٹر، پروڈیوسر راشد ڈار کے نام سے کون واقف نہیں، اُن کے کریڈٹ پر کئی ڈرامہ سیریلز ہیں، وہ 20 مارچ کو 84 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔

کونسی دعا کی قبولیت کے سبب ریشم کی تاحال شادی نہ ہوسکی؟



لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستان کی معروف اداکارہ و ماڈل ریشم نے تاحال شادی نہ ہونے کی وجہ اللہ کے گھر مانگی گئی دعا کو قرار دیا ہے۔ دو ماہ قبل نجی ٹی وی چینل پر دیے گئے ایک انٹرویو میں ریشم نے اپنی تاحال شادی نہ ہونے کی وجہ پر بات کی جس کا مختصر سا کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہو گیا ہے۔ شادی کے حوالے سے بات کرتے ہوئے ریشم نے بتایا ہے کہ میں ایک ڈرامے کی شوٹنگ کو درمیان میں چھوڑ کر عمرے کی ادائیگی کے لیے چلی گئی تھی۔ ریشم کا کہنا ہے کہ میں اللہ کے گھر گئی، مسجد الحرام کے مینار دیکھے تو سب نے کہا کہ دعا مانگو، دعا مانگو، جو دعا مانگو گی وہ قبول ہوگی، میں نے دعا مانگی کہ یا اللہ عزت دینا تو کبھی تکبر نہ دینا اور میرا ہاتھ ہمیشہ دینے والا رکھنا کبھی لینے والا ہاتھ نہ بنانا۔ اداکارہ نے انٹرویو کے دوران بتایا ہے کہ میری یہ دعا کوئی ایسی قبول ہوئی کہ آج تک زندگی میں مرد کی کمائی نصیب ہی نہیں ہوئی، مجھے نہیں معلوم اس میں اللہ کی کیا حکمت ہے، اب بس زندگی میں سیٹل ہونا ہے، اللہ سے دعا مانگی ہے کہ میری اب شادی کروا دے، کام چھوڑ دیا تھا مگر بعد میں پھر کام کرنا شروع کر دیا ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

حکومت کسانوں کا زبردست استحصال کررہی ہے، سردار ظفر حسین

حکومت گندم اور گنا کی امدادی قیمت کا اعلان کرنے سے مسلسل گریز کررہی ہے



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) مرکزی صدر کسان بورڈ پاکستان سردار ظفر حسین نے ضلعی آفس میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کسانوں کا زبردست استحصال کررہی ہے۔اس سے نہ صرف 65٪ کسان آبادی مالی بدحالی کا شکار ہورہی ہے بلکہ ملکی زراعت کو زبردست نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت گندم اور گنا کی امدادی قیمت کا اعلان کرنے سے مسلسل گریز کررہی تھی سے کسانوں کے مخت واخراجات کے منصفانہ معاوضہ سے محرومی کے باعث بے چینی او راضطراب پیدا ہورہا ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ پچھلے سال پنجاب حکومت کی طرف سے امدادی قیمت کے اعلان کے باوجود محکمہ خوراک کی طرف سے خریداری نہ کرنے سے کسانوں کو بھاری مالی نقصان کے زیر بار ہونا پڑا جبکہ سرکاری سرپرستی میں کرپٹ مافیا کے لوگ راتوں رات لاکھوں کروڑوں روپے کما کر بہتی گنگا میں خوب نہاتے رہے۔انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ گندم اور گنا کی منصفانہ امدادی قیمت کا اعلان کرے۔پریس کانفرنس سے مرکزی سینئر نائب صدر امان اللہ چٹھہ، اور ضلعی صدر ملک شوکت علی پھلروان نے بھی خطاب کیا۔

بلاسود آسان قرضہ جات پر مشتمل اسکیم کا جلد اعلان کریں، جمال بھٹہ



وزیرآباد (نامہ نگار) سمال انڈسٹریل اسٹیٹ وزیرآباد کے پلاٹ مالکان جو گزشتہ 3 سال سے انتظار کررہے ہیں کہ پنجاب حکومت اور پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن ضلع وزیرآباد میں رہائشی ایریا میں واقع سمال کاٹج اینڈ سمال انٹر پرائز کو سمال انڈسٹریل اسٹیٹ وزیرآباد میں منتقل کرنے کے لیے بلاسود آسان قرضہ جات پر مشتمل اسکیم کا جلد اعلان کریں جس کا آغاز وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کیا اس سے جس پر ہم ان کے شکر گزار ہیں ان خیالات کا اظہار چیئرمین پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن وزیرآباد محمد جمال بھٹہ نے ریجنل ڈائریکٹر پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن گوجرانوالہ زاہد صفدر ملک سے ان کے دفتر اپنی ملاقات میں کیا۔

ڈسکہ شہر میں غیر قانونی طریقے سے سم کارڈ کی فروخت کا سلسلہ نہ تھم سکا

پولیس کی جانب سے ایسے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن نہیں کیا جارہا

ڈسکہ (کھیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈسکہ شہر میں غیر قانونی طریقے سے سم کارڈ کی فروخت کا سلسلہ نہ تھم سکا سرکوں پر غیر قانونی طریقے سے سٹالز لگا کر سم کارڈ زفروخت کرنے کی آڑ میں شہریوں کے انگوٹھوں کے نشانوں کا مبینہ غلط فائدہ اٹھایا جاتا ہے جس سے اے ٹی ایم سے کیش غیر قانونی کاموں کے لئے استعمال ہونے والی سمیں نام کروائی جاتی ہیں سٹی پولیس سٹالز کی روک تمام میں ناکام ہوگئی ذرائع کے مطابق جرائم پیشہ عناصر سرکوں پر سمیں فروخت کرنے کی آڑ میں بائیو میٹرک کرنے کے بہانے شہریوں کے انگوٹھوں کے نشانات کی ڈبنگ کرواتے ہیں اور اس کا نقل نمونہ تیار کر کے اے ٹی ایم سے کیش نکلوانے اور جرائم میں استعمال کرنے کے لئے سمیں رجسٹرڈ کروانے جیسے جرائم کرتے ہیں پولیس کی جانب سے ایسے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن نہیں کیا جارہا گزشتہ سال شہریوں کے اے ٹی ایم سے پیسے نکلوانے کے کئی واقعات سامنے آئے لیکن انہیں نظر انداز کر دیا گیا شہریوں کا کہنا ہے کہ پولیس حکام ایسے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف فوری کارروائیاں کرے تاکہ شہری نقصان سے بچ سکیں۔

ساہیوال آرٹس کونسل میں قرآن گریجوایشن پروگرام کا انعقاد

مختلف کورسز (ایک سالہ، ڈیڑھ سالہ اور تین سالہ) میں قرآن ترجمہ وتفسیر مکمل کرنے والی طالبات میں اسناد تقسیم



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پراے) الانوار نیشنل ساہیوال کی جانب سے ساہیوال آرٹس کونسل میں قرآن گریجوایشن پروگرام کا انعقاد، مختلف کورسز (ایک سالہ ڈیڑھ سالہ اور تین سالہ) میں قرآن ترجمہ وتفسیر مکمل کرنے والی طالبات میں اسناد تقسیم، الانوار نیشنل ساہیوال کی پیئر پرسن استاذ ہ نگہت ہاشمی کی بطور مہمان خصوصی شرکت۔تفصیلات کے مطابق الانوار نیشنل ساہیوال کی جانب سے ساہیوال آرٹس کونسل میں قرآن گریجوایشن پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔الانوار نیشنل ساہیوال کی پیئر پرسن استاذ ہ نگہت ہاشمی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔تقریب میں پروگرام میں مختلف کورسز (ایک سالہ ڈیڑھ سالہ اور تین سالہ) میں قرآن ترجمہ وتفسیر مکمل کرنے والی طالبات میں اسناد تقسیم کی گئیں۔اس موقع پر تقریب کی مہمان خصوصی استاذ ہ نگہت ہاشمی نے قرآن کی تعلیم حاصل کرنے کی اہمیت کو قرآن وسنت کی روشنی میں واضح کرتے ہوئے لیکچر دیا۔خواتین کی کثیر تعداد بھی اس موقع پر موجود تھی۔

راجہ وسیم حسن کا وسائل رکھنے کے باوجود ٹیکس ادائیگی نہ کرنے والوں کے گرد شکنجہ کسنے کے فیصلے کا خیر مقدم

نظام چلانے کیلئے جی ڈی پی کے تناسب سے ٹیکس کی شرح کو ساڑھے 13 فیصد پر لانا ہوگا ترجمان پیاف، صدر لوہا مارکیٹ

لاہور (شہر وز میاں سے) تاجر رہنما پیاف کے ترجمان وصدر لوہا مارکیٹ شہید گنج لاہور راجہ وسیم حسن نے تعیش طرز زندگی گزارنے کے باوجود ٹیکس کی ادائیگی نہ کرنے والوں کے گرد شکنجہ کسنے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک سے زیادہ گھر اور گاڑیاں رکھنے والے 190,000 سے زائد افراد کا ٹیکس نیٹ سے باہر ہونا تشویش کا باعث ہے، حکومت کی جانب سے ٹیکس نظام کو بغیر کسی انسانی مداخلت کے چلانے کے لیے جدید نظام وضع کرنے کا اقدام قابل ستائش ہے۔جس سے اربوں روپے جیبوں میں جانے کی بجائے قومی خزانے میں جمع ہوں گے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ حکومت کی کامیاب معاشی پالیسیوں سے جلد ہی شرح سود سنگل ڈیجٹ میں آئے گا جس سے مقامی کاروبار کو فروغ ملنے سے معاشی سرگرمیاں دوبارہ حاصل کریں گی۔انہوں نے کہا کہ حکومت اور ایف بی آر کسی بھی طرح کی مہم جوئی کی بجائے اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لے کیونکہ مشاورت سے بنائی گئی پالیسیاں یقینی طور پر سو فیصد نتائج دیں گی۔انہوں نے کہا کہ یہ درست ہے کہ اگر ہم نے 25 کروڑ آبادی والے ملک کے نظام کو چلانا ہے جی ڈی پی کے تناسب سے ٹیکس کی موجودہ شرح کو ساڑھے 13 فیصد پر لانا ہوگا۔

عوامی ریلیف سب سے مقدم ہے، عوام کو نوٹیفائیڈ ریٹس پر اشیائے کا بندوبست کیا جائے، ڈپٹی کمشنر

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوامی ریلیف سب سے مقدم ہے، عوام کو نوٹیفائیڈ ریٹس پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں، پرائس لسٹوں کو نظر انداز کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے اور انہیں کنٹرول ریٹس پر اشیائے ضروریہ کی فروخت کا پابند بنایا جائے، اجلاس میں ایس این اے افضال حسین بلوچ نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی بارے بریفنگ دی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق انسپکشنز کا سلسلہ جاری رکھیں اور دیے گئے ٹارگٹ کے حصول کے لیے دیانت داری اور محنت سے کام کریں۔

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی زیر صدارت ایکسیڈنٹ ریویو کمیٹی کا اجلاس

رواں اور گزشتہ ماہ میں ضلع میں ہونیوالے حادثات اور حادثات کی وجوہات کا جائزہ لیا گیا



جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی زیر صدارت ایکسیڈنٹ ریویو کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں رواں اور گزشتہ ماہ میں ضلع میں ہونیوالے حادثات اور حادثات کی وجوہات کا جائزہ لیا گیا جبکہ مسافر بسوں و ویگنوں میں ایل پی جی کے استعمال بارے بریفنگ بھی دی گئی۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ایسے عناصر جو جزوی طور پر حادثات کا سبب بنتے ہیں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔انہوں نے کہا کہ حادثات کی شرح کو کم کرنے کیلئے تمام متعلقہ محکموں کو مشترکہ اقدامات کرنا ہونگے۔ڈپٹی کمشنر نے سیکرٹری ڈی آر ٹی اے کو ایل پی جی سلینڈر پر چلنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری رکھنے کے احکامات جاری کئے۔

غلہ گودام کے قریب واقع مونگ پھلی کے گودام میں اچانک آگ بھڑک اٹھی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) غلہ گودام کے قریب واقع مونگ پھلی کے گودام میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، لاکھوں روپے کی مونگ پھلی جل کر راکھ ہو گئی ریسکیو ٹیموں نے آگ پر قابو پالیا۔ریسکیو ذرائع کے مطابق غلہ گودام کے قریب واقع ایک مونگ پھلی کے گودام میں اچانک آگ لگ گئی۔ ابتدائی معلومات کے مطابق آگ لگنے کی وجہ معلوم نہ ہوسکی۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو ٹیمیں فوراً جائے حادثہ پر پہنچ گئیں۔

چنیوٹ میں مجلس وحدت المسلمین کا احتجاجی دھرنا پانچویں روز میں داخل

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پارہ چنار میں ہونے والے مظالم کے خلاف چنیوٹ میں مجلس وحدت المسلمین کا احتجاجی دھرنا پانچویں روز میں داخل سینکڑوں خواتین سمیت افراد کا احتجاج جاری تفصیلات کے مطابق مجلس وحدت المسلمین ضلع چنیوٹ کے زیر اہتمام ختم نبوت چوک میں احتجاجی دھرنا جاری دھرنے میں شریک سینکڑوں افراد کا کہنا ہے کہ حکومت پارہ چنار میں ہونے والی زیادتی ظلم کا نوٹس لے پارہ چنار میں اس وقت راستوں کی بندش ادویات کی کمی کے باعث لوگ سخت مشکلات کا شکار ہیں شیعہ کمیونٹی کے افراد کے قتل وغارت میں ملوث افراد کو سخت سزا دی جائے حکومت کے پی کے میں امن و امان کی صورت حال فوری برقرار رکھے شر پسند عناصر کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے۔مقررین نے مزید کہا کہ ہمارا پرامن دھرنا پوری دنیا میں جاری ہے مطالبات کی منظوری تک یہ دھرنا جاری رہے گا۔

محمد عمران سلفی 15 ویں بار صدر پریس کلب، سہیل قمر سندھو 30 ویں بار جنرل سیکرٹری منتخب

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) محمد عمران سلفی 15 ویں بار صدر پریس کلب، سہیل قمر سندھو 30 ویں بار جنرل سیکرٹری منتخب، ملک محمد اقبال کا بطور چیئرمین سپریم کونسل کا انتخاب کیا گیا، تفصیلات کے مطابق پریس کلب مصطفیٰ آباد للیانی (رجسٹرڈ) کے نو منتخب عہدیداران کا اعلان کر دیا گیا، جس میں محمد عمران سلفی مسلسل 15 ویں بار بلا مقابلہ صدر، سہیل قمر سندھو مسلسل 30 ویں بار بلا مقابلہ جنرل سیکرٹری، ملک محمد اقبال چیئرمین سپریم کونسل، عمر حیات میو چیئرمین پریس کلب منتخب ہو گئے، ڈاکٹر اصغر علی شہزاد سرپرست اعلیٰ، مہر علی مہران سینئر نائب صدر، شاہد عمرو زرار علی خاں نائب صدرو، محمد طاہر میونیئر وائس چیئرمین، ارشد علی جوئیہ وائس چیئرمین، مہر مراد علی ایڈووکیٹ ایڈیشنل جنرل سیکرٹری، محمد جمیل رحمانی جوائنٹ سیکرٹری، عمر شاہین فنانس سیکرٹری، ناصر سندھو سیکرٹری نشرو اشاعت، مہر صداقت آفس سیکرٹری، احمد جمال ایڈووکیٹ کا بطور میڈیا ایڈوائز انتخاب کیا گیا، نو منتخب صدر پریس کلب مصطفیٰ آباد للیانی رجسٹرڈ محمد عمران سلفی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پریس کلب مصطفیٰ آباد کی صحافتی برادری نے 15 ویں بار صدر منتخب کر کے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کروں گا، مجھے محبت کرنے والی ٹیم ملے ہے جو میرے لئے ایک اعزاز کی بات ہے، اس موقع پر مہر عبدالقیوم، رانا توقیر احمد، سیٹھ محمد حسین،، ارشد علی شامی، محمد جمیل سندھو، جمشید رشید میو، حافظ محمد طاہر اقبال، محمد اکمل کھوکھر، حاجی عبدالقادر، آصف امین، عادل نعمان مہر، ظہیر حسین و دیگر صحافیوں کی بڑی تعداد نے مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ڈپٹی کشمنر

ضلع بھر میں جاری ترقیاتی سکیموں کو بروقت مکمل کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پراے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے کہا ہے کہ ضلع بھر میں جاری ترقیاتی سکیموں کو بروقت مکمل کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں نہ صرف کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا بلکہ شفافیت کو بھی ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک منتگمری ہال میں منعقد ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔جس میں ضلع بھر میں جاری مختلف ترقیاتی سکیموں پر کام کی رفتار اور معیار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ محمد اکرم وٹو سمیت مختلف سرکاری محکموں کے افسران نے بھی شرکت کی۔ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے اجلاس میں جاری منصوبوں پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ترقیاتی سکیموں کی رفتار کو تیز کیا جائے اور مقررہ مدت میں کام مکمل کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح وبہبود کے منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو بہتر سہولیات فراہم کی جاسکیں گی۔اجلاس میں بتایا گیا کہ ضلع بھر میں اس وقت محکمہ سپورٹس، صحت، واٹر سپلائی، روڈز، بلڈنگ اور ریسکیو 1122 اور محکمہ ماحولیات سمیت 160 کے قریب سکیموں پر کام ہو رہا ہے۔جن میں سے 107 سکیموں کا تعلق وزیراعلیٰ ایس ڈی جی جبکہ 53 سکیموں کا تعلق ریگولر اے ڈی پی سے ہے۔

سردی کی شدت کے ساتھ ہی خشک میوہ جات کی مانگ میں اضافہ

شہر کے بازار، سڑکوں پر ریڑھیاں، رکشے اور دکانیں ڈرائی فروٹ سے سج گئیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد شہر اور گردونواح میں سردی کی شدت کے ساتھ ہی خشک میوہ جات کی مانگ میں اضافہ ہوگیا ہے، شہر کے بازار، سڑکوں پر ریڑھیاں، رکشے اور دکانیں ڈرائی فروٹ سے سج گئیں۔ڈرائی فروٹ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کی وجہ سے شہری صرف دکانوں میں سجی اشیاء کو دیکھ ہی گزارہ کرنے پر مجبور ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق مہنگائی نے سردی کے موسم میں مہمان نوازی کے طریقہ کار کو بدل دیا، سردی کے موسم میں مہمان یا دوست آنے پر ڈرائی فروٹ سے تواضع کرنے کی رسم بھی مہنگائی کی نذر ہونے لگی۔ڈرائی فروٹ کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں۔ایک سروے کے مطابق ونگے چوک، ریلوے پھاٹک، علی پور روڈ، کموکے روڈ، جلالپور روڈ، مدھریانوالہ روڈ، ونگے روڈ سمیت دیگر مقامات پر بادام کی گیری 12 سو سے 15 سو روپے کلو میں فروخت ہورہی ہے، جبکہ اخروٹ کی قیمت 8 سو روپے کلو سے ایک ہزار روپے میں فروخت ہورہی ہے، کاجو کی قیمت تو آسمان سے باتیں کررہی ہے، چلغوزے کی قیمت بھی کاجو کی طرح 8 ہزار روپے کلو سے تجاوز کرگئی ہے، سردیوں کے آغاز میں جیسے ہی خشک میوہ جات کی مانگ میں اضافہ ہوتا ہے ان کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنا شروع کر دیتی ہیں۔

بانڈڈ لیبر کا خاتمہ نہ صرف قانونی بلکہ انسانی حقوق کا بھی اہم مسئلہ ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر

تمام متعلقہ اداروں کا تعاون ناگزیر ہے، ڈسٹرکٹ ویجی لینس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پراے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور نے کہا ہے کہ بانڈڈ لیبر کا خاتمہ نہ صرف قانونی بلکہ انسانی حقوق کا بھی اہم مسئلہ ہے، جس کے لیے تمام متعلقہ اداروں کا تعاون ناگزیر ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ ویجی لینس کمیٹی برائے بانڈڈ لیبر کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں ضلعی انتظامیہ کے افسران، مختلف محکموں کے نمائندگان، سماجی تنظیموں کے عہدیداران اور دیگر متعلقہ افراد نے شرکت کی۔اجلاس کا مقصد بانڈڈ لیبر کے خاتمے کے لیے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لینا اور مستقبل کی حکمت عملی طے کرنا تھا۔غلام سرور نے اجلاس کے دوران بانڈڈ لیبر کے خاتمے کو یقینی بنانے کے لیے حکومتی کوششوں کو اجاگر کیا اور شرکا کو اس سنگین مسئلے کے تدارک کے لیے مل کر کام کرنے پر زور دیا۔اجلاس میں مختلف محکموں کی جانب سے پیش کی گئی رپورٹس کا جائزہ لیا گیا، جن میں بانڈڈ لیبر کے حوالے سے کیے گئے اقدامات اور درپیش چیلنجز کو تفصیل سے بیان کیا گیا۔

جرم وسزا



تھانہ حاجی پورہ: پولیس نے 9 رکنی ڈکیت گینگ گرفتار کرلیا

ملزمان اسلحہ کے زور پر راہبری راہزنی اور چوری ڈکیتی کی وارداتیں کیا کرتے تھے



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ایس ایچ او تھانہ حاجی پورہ نعمان احمد بٹر نے ٹیم کے ہمراہ 30 مقدمات میں ملوث اور علاقہ کے لیے دردسر بننے والے ارسلان وقاص اور شبیر گینگ کے 9 ملزمان کو کروڑوں روپے مال مسروقہ سمیت گرفتار کرلیا۔ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق اور ڈی ایس پی سٹی سرکل طارق محمود کی سربراہی میں ایس ایچ او انسپکٹر نعمان احمد بٹر نے ضلع سیالکوٹ کی عوام کے لیے دردسر سمجھے جانے والے تین رکنی تین ڈکیت گینگ کے 9 ملزمان کو گرفتار کرلیا دوران تفتیش ملزمان 30 مقدمات میں ملوث پائے گئے۔ ملزمان اسلحہ کے زور پر راہبری راہزنی اور چوری ڈکیتی کی وارداتیں عمل میں لاتے تھے جسے ایس ایچ او تھانہ ماجی انسپکٹر نعمان احمد بٹر نے اپنی قابل ٹیم کے ہمراہ جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے انتھک محنت سے انتہائی قلیل وقت میں گرفتار کرلیا دوران تفتیش گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 20 تولے طلائی زیورات 2 لاکھ 90 ہزار نقدی 7 عدد موٹر سائیکلیں 10 عدد موبائل فونز 9 عدد پسٹل 30 بور 50 عدد گولیاں برآمد کرلی گئیں۔

لاہور نارووال سیکشن پر ٹرینوں کی تاخیر سے عوام پریشان

ملازم پیشہ افراد طلباء شدید ازیت میں مبتلا وقت پر پہنچنا ناممکن ہوگیا

نارنگ منڈی (نامہ نگار) لاہور نارووال سیکشن پر ٹرینوں کی تاخیر سے عوام پریشان حال ملازم پیشہ افراد طلباء شدید ازیت میں مبتلا وقت پر پہنچنا ناممکن سخت سردی میں بوگیوں کی کمی بھی تکلیف دہ نوٹس لیا جائے تفصیل کے مطابق لاہور نارووال سیالکوٹ سیکشن پر ٹرینوں کے اوقات کار میں تاخیر روزانہ سفر کرنے والے سینکڑوں مسافروں کیلئے وبال جان بن چکی ملازم پیشہ اپنے دفاتر اور طلباء تعلیمی درس گاہوں میں تاخیر سے پہنچ رہے ہیں جبکہ اس سیکشن میں بوگیوں کی کمی کی وجہ سے مسافر سخت سردی میں بھیڑ بکریوں کی طرح سفر کرنے پر مجبور ہیں دروازوں کھڑکیوں کے بغیر بوگیاں لاہور نارووال سیکشن کی پہچان بن چکی ہیں اہل علاقہ کا کہنا تھا لاکھوں روپے روزانہ ریونیو اکٹھا کیا جاتا ہے مگر دوسرے شہروں کے مقابلہ ہمارے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا جارہا ہے جو ناقابل برداشت ہے وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف وفاقی وزیر ریلوے شاہد اشرف تارڑ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ لاہور نارووال سیکشن پر ٹرینوں کے اوقات کار اور سہولیات کے فقدان کا نوٹس لیا جائے۔

تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نے موٹر سائیکل سوار چار افراد کو روند ڈالا

پولیس تھانہ صدر نے جائے وقوعہ کا معائنہ کر کے ٹریکٹر ٹرالی کو اپنی تحویل میں لے لیا



وزیرآباد (نامہ نگار) تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نے موٹر سائیکل سوار چار افراد کو روند ڈالا، تین جاں بحق ایک زخمی، زخمی اور نعشوں کو سول اسپتال وزیرآباد منتقل کر دیا گیا، ٹریکٹر ٹرالی کا ڈرائیور موقع سے فرار، پولیس تھانہ صدر نے جائے وقوعہ کا معائنہ کر کے ٹریکٹر ٹرالی کو اپنی تحویل میں لے لیا، وزیرآباد کے علاقہ اندرون جی ٹی روڈ نالہ پلکھو اور سبزی منڈی کے قریب تیز رفتار و بے قابو ٹریکٹر ٹرالی نے چار محنت کش افراد کو روند ڈالا ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ٹریکٹر ٹرالی کا ڈرائیور دریائے چناب سے ریت لے کر وزیرآباد کی جانب آرہا تھا کہ نالہ پلکھو کے قریب حادثہ پیش آ گیا جس کے نتیجہ میں تین افراد جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی ہوگیا، زخمی کو ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ چاروں افراد محنت مزدوری کے لیے موٹر سائیکل پر سوار وزیرآباد سے گجرات جا رہے تھے حادثہ میں راجن پور کا رہائشی صابر، وزیرآباد کے نواحی گاؤں لوریی والا کا مستری عبدالرحمن اور علی نگر کا رہائشی مستری احمد موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ راجن پور کا رہائشی نوجوان طارق شدید زخمی ہوگیا، ریسکیو حکام نے زخمی اور نعشوں کو سول اسپتال وزیرآباد منتقل کر دیا

سرکنڈوں کی دکان میں آگ لگنے سے ہزاروں کا سامان جل گیا

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) سرکنڈوں کی دکان میں آگ لگنے سے ہزاروں کا سامان جل گیا، ریسکیو فائر فائٹرز نے آگ پر قابو پایا۔تفصیلات کے مطابق میاں چنوں کے علاقہ بورا روڈ سرکنڈوں کی دکان میں اچانک آگ بھڑک گئی جسکے نتیجے میں آگ نے پوری دکان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، ریسکیو 1122 کے فائر فائٹرز نے آگ بجھانے کی کوشش کی مگر تب تک سامان جل چکا تھا، دکان مالک کے مطابق دکان 90 فیصد جل چکی ہے اور ہزاروں کا نقصان ہوگیا ہے۔

دلاور حسین آف کوٹلی چھمب والی کے والد محترم حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کر گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دلاور حسین آف کوٹلی چھمب والی کے والد محترم حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کر گئے جنہیں سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں آبائی قبرستان کوٹلی چھمب والی میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ میں مختلف مکتبہ فکر کی شخصیات نے شرکت کی یاد رہے کہ دلاور حسین کی اہلیہ بھی دس روز قبل ٹریفک حادثہ میں وفات پا گئی تھیں

ڈاکو گن پوائنٹ پر دو افراد سے ہزاروں روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود میں آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکو گن پوائنٹ پر دو افراد سے ہزاروں روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔تفصیلات کے مطابق آرحتی طارق تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود دیپالپور مکئی منڈی کے سامنے موٹر سائیکل کو پنکچر لگوا رہا تھا کہ اچانک آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکو آئے اور گن پوائنٹ پر آرحتی طارق سے ہزاروں روپے نقدی اور موبائل فون چھین لئے اسی دوران پاس سے گزرنے والے شہری نعیم اللہ کو اسلحہ کے زور پر روکا اور گن پوائنٹ پر اس سے ہزاروں روپے نقدی اور موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے۔

لین دین کے تنازعہ پر دو ملزمان نے نوجوان کو اغوا کر لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) لین دین کے تنازعہ پر دو ملزمان نے نوجوان کو اغوا کر لیا ڈسکہ کے سفیان کا بھائی گھر سے باہر گیا تو واپس گھر نہ آیا اس نے کافی تلاش کی مگر وہ کہیں نہ ملا اس نے پولیس کو درخواست دی کہ ملزمان ابرار اور اشفاق نے اس کو کال کر کے کہا تھا کہ اگر تم نے ہمارے پیسے نہ دیئے تو تمہارے بھائی کو اغوا کر لینگے میرے بھائی کو ان دونوں ملزمان ابرار اور اشفاق گجر نے اغوا کیا ہے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

پولیس ایمرجنسی نمبر پکار 15 کی سال 2024 کی کارکردگی رپورٹ جاری

پکار 15 پر 3 لاکھ سے زائد کالز موصول ہوئیں، 23 ہزار سے زائد کالز پر کارروائی کی گئی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پولیس ایمرجنسی نمبر پکار 15 کی سال 2024 کی کارکردگی رپورٹ جاری، سال 2024 میں پکار 15 پر 3 لاکھ سے زائد کالز موصول ہوئیں، 23 ہزار سے زائد کالز پر فوری کارروائی کرتے ہوئے شہریوں کو مدد فراہم کی گئی، ایمرجنسی نمبر پر 50 ہزار سے زائد کالز پر شہریوں کی راہنمائی کی گئی، سال 2024 میں ضلع بھر میں پولیس ریسپانس ٹائم 15 سے 20 منٹ رہا، سال 2024 میں پولیس ہیلپ لائن 15 پر جھوٹی کال کرنے والے 162 کالرز کیخلاف مقدمات درج کیے گئے 15 ایمرجنسی نمبر ہے، بوگس کالز سے پولیس کے وقت وسائل کا ضیاع ہوتا ہے ڈی پی او عبداللہ احمد نے کہا کہ شہری احتیاط کریں 15 پر صرف ایمرجنسی کی صورت میں مدد کیلئے کال کریں، ایمرجنسی نمبر پر جھوٹی کال کرنے والوں کیخلاف ضلع بھر میں کاروائیاں جائے گی۔

ایف آئی اے نے انسانی سمگلروں سمیت 9 ملزمان گرفتار کر لئے

ملزمان کی شناخت محمد شفیق، عظمت علی، خضر حیات، مرزا سکندر، محمد نواز کے نام سے ہوئی



گوجرانوالہ: فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) گوجرانوالہ زون نے یونان کشتی حادثے میں ملوث انسانی سمگلروں سمیت 9 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ترجمان کے مطابق ایف آئی اے گوجرانوالہ زون نے کارروائی کر کے ملزمان کو گوجرانوالہ اور گجرات کے مختلف علاقوں سے گرفتار کیا، ملزمان کی شناخت محمد شفیق، عظمت علی، خضر حیات، مرزا سکندر، محمد نواز، شاہد امین، شہزاد یوسف، ظفر اقبال، اسد عباس کے نام سے ہوئی۔حکام کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان میں یونان اور لیبیا کشتی حادثے میں ملوث انسانی سمگلر بھی شامل ہیں۔ایف آئی اے کے مطابق یونان کشتی حادثے میں ملوث بدنام زمانہ ایجنٹ ظفر اقبال کو گرفتار کر لیا گیا، ملزم معصوم بچوں کے اغواء اور بیرون ملک بھجوانے میں ملوث پایا گیا جسے منڈی بہاؤالدین سے گرفتار کیا گیا، ملزم نے محسن بچے کو اٹلی براستہ لیبیا بھجوانے کے نام پر 19 لاکھ روپے اور 2300 یورو ہتھیائے، سفر کے دوران یونان کے ساحل پر کشتی کو حادثہ پیش آیا اور بچے کی موت واقع ہوئی۔اس کے علاوہ لیبیا کشتی حادثے میں ملوث اشتہاری ملزم شہزاد یوسف کو کھاریاں سے گرفتار کیا گیا، ملزم نے شہری کو ملازمت کی غرض سے اٹلی براستہ لیبیا بھجوانے کے نام پر 23 لاکھ روپے ہتھیائے، بعد ازاں ملزم نے متاثرہ شہری کو کشتی کے ذریعے لیبیا سے یونان بھجوانے کی کوشش کی۔ایف آئی اے کے مطابق ملزم محمد شفیق اور خضر حیات نے متاثرہ شہریوں کو غیر قانونی طریقے سے یونان بھجوانے کے نام پر فی کس 40 لاکھ روپے ہتھیائے، ملزم عظمت علی نے یونان ملازمت کا جھانسہ دے کر شہری سے 50 لاکھ روپے بٹورے جبکہ ملزم مرزا سکندر نے شکایت کنندہ کے 2 بیٹوں کو یورپ ملازمت کی غرض سے بھجوانے کیلئے 50 لاکھ روپے وصول کیے۔حکام کے مطابق ملزم محمد نواز نے شہری کو کمبوڈیا ملازمت کی غرض سے بھجوانے کیلئے 10 لاکھ سے زائد رقم وصول کی جبکہ ملزم شاہد امین نے شہری کو اٹلی ملازمت کی غرض سے بھجوانے کیلئے 17 لاکھ روپے سے زائد وصول کیے،

''قوت'' کا سیفما سیڈ
روزنامہ قوت
Qoowat

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کی بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات وصف اور بڑے سقم پر ایک طرف لکھے ہوئے جائیں کسی چھپے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-36360003

قیمت 1 — تجزیات

نواز شریف نے ہفتہ وار کابینہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ملک بھر میں 1 جنوری سے 15 جنوری تک پولیو مہم چلائی جائے گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ملک بھر میں 1 جنوری سے 15 جنوری تک پولیو مہم چلائی جائے گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ملک بھر میں 1 جنوری سے 15 جنوری تک پولیو مہم چلائی جائے گی۔

قیمت 2 — تجزیات

ملک بھر میں سردی کی شدت میں اضافہ ہو گیا ہے۔ کراچی میں درجہ حرارت 10 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر گیا ہے۔ لاہور میں درجہ حرارت 5 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر گیا ہے۔ اسلام آباد میں درجہ حرارت 3 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر گیا ہے۔ پشاور میں درجہ حرارت 2 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر گیا ہے۔ کوئٹہ میں درجہ حرارت منفی 1 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر گیا ہے۔

قیمت 3 — تجزیات

وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ ہم نے 2024 میں بہت کام کیا ہے۔ ہم نے 2024 میں بہت کام کیا ہے۔ ہم نے 2024 میں بہت کام کیا ہے۔ ہم نے 2024 میں بہت کام کیا ہے۔ ہم نے 2024 میں بہت کام کیا ہے۔

قیمت 4 — تجزیات

پاکستان کرکٹ بورڈ نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان سپر لیگ 2025 کا فائنل لاہور میں نہیں ہوگا۔ پی ایس ایل 2025 کا فائنل لاہور میں نہیں ہوگا۔ پی ایس ایل 2025 کا فائنل لاہور میں نہیں ہوگا۔ پی ایس ایل 2025 کا فائنل لاہور میں نہیں ہوگا۔

قیمت 5 — تجزیات

کرکیٹس کی تعداد میں ہزاروں میں اضافہ کیا جائے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ اذان پاکستان کے ذریعے پاکستان کو 2035 تک 1000 اذان فری میڈیسٹ کی ملیوڈ فراہم کرنے میں اور پروگرام کے تحت طرح خواتین کو فری اور غریب میں کی لائی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق اذان کی برآمدات کو بھی پروگرام میں خصوصی اہمیت دی جائے گی۔

قیمت 6 — تجزیات

مہاراشٹر اسمبلی کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات غلط اور بے سقم پر ایک طرف لکھے ہوئے جائیں کسی چھپے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

قیمت 7 — تجزیات

مہاراشٹر اسمبلی کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات غلط اور بے سقم پر ایک طرف لکھے ہوئے جائیں کسی چھپے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

قیمت 8 — تجزیات

قیمت 26 ہوئے ماضی کے انتخابات میں بھی تاریخ کے مطابق انتخابات سے قبل سیاسی ماحول گرم ہوتا ہے۔ ماضی کے انتخابات میں بھی تاریخ کے مطابق انتخابات سے قبل سیاسی ماحول گرم ہوتا ہے۔ ماضی کے انتخابات میں بھی تاریخ کے مطابق انتخابات سے قبل سیاسی ماحول گرم ہوتا ہے۔

قیمت 9 — تجزیات

انسٹیٹیوٹ آف آئی۔ شوکت پوسٹوں کی کہنا ہے کہ مالی مشکلات ہم تھوں کی وجہ سے سیاسی استحکام کی بھی بھاری نقصان ہوا ہے۔ ہمارے ملک میں بھی یہی ہوا ہے۔ ہمارے ملک میں بھی یہی ہوا ہے۔ ہمارے ملک میں بھی یہی ہوا ہے۔ ہمارے ملک میں بھی یہی ہوا ہے۔

قیمت 10 — تجزیات

تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی بہنوں نے ان سے ملاقات کی ہے۔ عمران خان کی بہنوں نے ان سے ملاقات کی ہے۔ عمران خان کی بہنوں نے ان سے ملاقات کی ہے۔ عمران خان کی بہنوں نے ان سے ملاقات کی ہے۔

قیمت 11 — تجزیات

ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں مزید کمی ہو گئی ہے۔ ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں مزید کمی ہو گئی ہے۔ ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں مزید کمی ہو گئی ہے۔ ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں مزید کمی ہو گئی ہے۔

قیمت 12 — تجزیات

پاکستان کرکٹ بورڈ نے چیمپئنز ٹرافی کے لیے ٹیم کا اعلان کر دیا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے چیمپئنز ٹرافی کے لیے ٹیم کا اعلان کر دیا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے چیمپئنز ٹرافی کے لیے ٹیم کا اعلان کر دیا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے چیمپئنز ٹرافی کے لیے ٹیم کا اعلان کر دیا ہے۔

قیمت 13 — تجزیات

کاسپانی پر توجہ محمد رشد انصاری ہیٹر کمر محمد انصاری طالب امر سکریٹری زیارہ عابد محمد انصاری طالب امر سکریٹری زیارہ عابد محمد انصاری طالب امر سکریٹری زیارہ عابد محمد انصاری طالب امر سکریٹری زیارہ عابد

قیمت 14 — تجزیات

ریجرز اور پولیس نے مشترکہ طور پر 102 اریسٹر دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ، اغوا برائے تاوان اور بھتہ خوری کے خلاف کیے گئے سنہرے ترین رپورٹ کے مطابق ریجرز نے مختلف کارروائیوں کے دوران 142 ہائی پروفائل ملزمان گرفتار کیا، ان کے قبضے سے 32 ہتھیاروں کو گرفتار کیا، ان کے قبضے سے 87

سال 2024ء میں پنجاب پولیس کے ملازمین کی اہلخانہ کی پلیفیئر کے متعدد شاندار اقدامات

صحت کے مسائل سے دوچار ملازمین کو میڈیکل گرانٹ کی مد میں 28 کروڑ 19 لاکھ روپے دیئے گئے

سال میں 2024ء پولیس فورس کی ویلفیئر پر 02 ارب 32 کروڑ روپے سے زائد رقم خرچ کی گئی، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) سال 2024ء میں پنجاب پولیس کے ملازمین اور انکے اہلخانہ کی ویلفیئر کے شاندار اقدامات کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سال 2024ء میں پولیس فورس کی ویلفیئر پر 02 ارب 32 کروڑ روپے سے زائد رقم خرچ کی گئی۔ پنجاب پولیس نے روزانہ کی بنیادوں پر 01 کروڑ روپے افسران وآہلکاروں اور ان کے اہلخانہ کی ویلفیئر پر خرچ کیے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات دیتے ہوئے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ پولیس ملازمین کے بچوں کیلئے طبی وظائف کی مد میں 78 کروڑ 10 لاکھ روپے سے زائد رقم خرچ کی گئی۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33



آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے پولیس ملازمین واہلخانہ کی ویلفیئر کے شاندار اقدامات

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی لاہور پریس کلب کا صدر منتخب ہونے پر ارشد انصاری اور دیگر عہدیداروں کو مبارکباد

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لاہور پریس کلب کا صدر منتخب ہونے پر ارشد انصاری اور دیگر عہدیداروں کو مبارکباد دی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لاہور پریس کلب کے نومنتخب عہدیداروں کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور کہا کہ امید ہے صدر اور دیگر عہدیدار لاہور کی صحافی برادری کی فلاح و بہبود کے لئے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔

وزیراعلیٰ مریم نواز کا ٹریفک حادثات میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے فیصل آباد میں ٹریفک حادثوں پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے فیصل آباد میں ٹریفک حادثے میں 5 قیمتی انسانی جانوں اور 6 افراد کے زخمی ہونے کے افسوسناک واقعہ کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے حادثے میں 10 قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے رنج کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سوگوار خاندانوں سے ہمدردی و غمخواری کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا اور زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

مدارس رجسٹریشن بل کی منظوری قابل تحسن تاریخ ساز کارنامہ ہے، جے یو آئی

ثابت ہو گیا ہے جے یو آئی نے ہمیشہ دین اور قومی مفادات کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات کیے ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) مولانا ابوامحمد فضل قادر، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شیخاں بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی کشمیر بلاک، ایڈووکیٹ شفاع بٹ، ایڈووکیٹ عبدالستار، ایڈووکیٹ ابوبکر، ایڈووکیٹ (ف) بٹی اور محمد افضل فضلی، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شیخاں بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

عالم اسلام کی خاموشی اسرائیل کو تسلیم کرنے کے مترادف ہے، سنی علماء کونسل

امت مسلمہ کے حکمرانوں کو فلسطین اور کشمیریوں کے لیے آواز بلند کرنی چاہیے، مولانا حافظ حسنین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسنین احمد نے کہا ہے کہ عالم اسلام کی خاموشی اور اسرائیل کو تسلیم کرنے کے مترادف ہے، اسرائیلی فاشتوں کے مظالم دن بدن بڑھ رہے ہیں اور مسلمان حکمران مفلوج میں ڈوبے ہوئے ہیں، امت مسلمہ کے حکمرانوں فلسطین اور کشمیر ایف ایف کی بیٹی کو شہید کرنے والے اسرائیلی درندوں کے خلاف عالمی عدالت انصاف میں مقدمہ چلایا جائے، جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ عالمی دہشتگرد اسرائیل نے غزہ اور لبنان میں مسلمانوں کا قتل عام کر کے بین الاقوامی قوانین کی دھجیاں اڑادی ہیں، مگر استعماری قوتوں نے مرعوب مسلم ممالک ان اسرائیل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

محکمہ پر بھوجہ آبادی پنجاب اور ٹی آئی گرین سٹار کے تعاون سے دو رکنی کیمپ کا انعقاد

میڈیا، اساتذہ، علماء اور میڈیکل کے شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی

تقریب کے میں ورکشاپ کے اغراض و مقاصد سے آگاہ کیا گیا

لاہور (این این آئی) پی ڈبلیو ڈی پنجاب اور ٹی آئی گرین سٹار کے تعاون سے لاہور میں خانوادی منصوبہ بندی ہیلتھ کیمپ کے عنوان سے ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد ہوا، پروفیسر لیڈی ٹی آئی گرین سٹار ڈاکٹر اسلم ہاجرہ، میڈیا، اساتذہ، علماء اور میڈیکل کے شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کا مقصد مختلف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

سیاسی جماعت کو سیاسی جماعت سے ہی بات چیت کرنی چاہیے، وفاقی وزیر بحری امور

پی ٹی آئی ایک جانب سوشل میڈیا پر اسٹیبلشمنٹ کے خلاف بیانیہ چلاتی ہے

سال 2024 معیشت کی بہتری کا سال تھا، حکومت نے شرح سود، مہنگائی کو تناسب کم کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ مذاکرات کا اصرار سمجھ سے باہر ہے، سیاسی جماعت کو سیاسی جماعت سے ہی بات چیت کرنی چاہیے، پی ٹی آئی ایک جانب سوشل میڈیا پر اسٹیبلشمنٹ کے خلاف بیانیہ چلاتی ہے دوسری طرف اسی سے مذاکرات کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

حمزہ شہباز کی لاہور پریس کے صدر ارشد انصاری سمیت دیگر نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر و سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے لاہور پریس کے صدر ارشد انصاری سمیت دیگر نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ پیشہ ور اور سچ صحافت کے



سید ذوالقدر حسین کنسلٹنٹ اسند دمشیات مہم

پاکستان اور یواے ای کے سفیر حماد عبید الزابی کی ملاقات

دو طرفہ تعلقات کو اقتصادی شعبے میں وسعت دینے پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے مابین تعلقات کو مزید بلندیوں تک لے کر جانا چاہتے ہیں۔ گورنر پنجاب سے متحدہ عرب امارات کے سفیر حماد عبید الزابی نے ملاقات کی جس میں دو طرفہ تعلقات کو اقتصادی شعبے میں وسعت دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سردار سلیم حیدر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

سول سرونٹس انتظامی معاملات میں بہتری کیلئے صلاحیتیں بروئے کار لائیں، احسن اقبال

ملک ترقی کیلئے امن واستحکام ضروری ہے، پائیدار ترقی کیلئے پالیسیوں کا تسلسل ہونا ہوگا

سول سرونٹس صرف نہیں بلکہ جمہوری ذمہ داری بھی ہے، قانون اور آئین کی عملداری کا تحفظ ضروری ہے، منتخب

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ سول سرونٹس انتظامی معاملات کو بہتر انداز میں چلانے کے لیے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔ لاہور میں پاکستان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

سی پی او لاہور اور بلال صدیق کیمانہ کی لاہور پریس کلب کی منتخب قیادت کو مبارکباد

لاہور (این این آئی) سی پی او لاہور بلال صدیق کیمانہ نے لاہور پریس کلب کے انتخاب میں کامیابی پر منتخب قیادت کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں سی پی او لاہور نے نومنتخب صدر ارشد انصاری اور عہدیداران کی کامیابی پر نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نومنتخب



لاہور: صوبائی وزیر برائے ماحولیات میاں مرغوب احمد، ڈی جی ایل ڈی اے ڈاکٹر قمر الاذری اور دیگر افسران شجرکاری مہم کے دوران

پاکستان کوئز سوسائٹی انٹرنیشنل رجسٹرڈ کی گولڈن جوبلی تقریب

اس نوعیت کی دنگر تقریبات مزید ایک سال تک جاری رہیں گی، جمین الیان کا ویڈیو پیغام

کراچی (این این آئی) پاکستان کوئز سوسائٹی انٹرنیشنل رجسٹرڈ کے 50 سال مکمل ہونے پر دی ٹرسٹ ایجوکیشن سینٹر میں 50 سال جشن کی تقریب منعقد ہوئی جس میں معلومات عامہ کی دنیا میں کارکردگی اور خدمات پر 10 افراد کو لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈز سے نوازا گیا، ایوارڈز حاصل کرنے والوں میں فوجی اکیڈمیوں، ماہر تعلیم، محمد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

محبت ویرانوں کو بھی خوشحال اور پرامن بنا دیتی ہے، مفتی عاشق حسین

پاک فوج اور ملک پاکستان کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا کی اور مسیحی برادری کو کرسمس کی مبارکباد پیش کی

کراچی (این این آئی) چیف ایگزیکٹو سکول خالق گھر کی بچوں کے ریگاٹا رنگ نمبلو اور کشتی گیموں نے مزید خوبصورت بنا دیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی مفتی عاشق حسین تھے، جنہوں نے حاضرین سے خطاب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

نئے سال میں پاکستان کو متعدد داخلی اور خارجی چیلنجز کا سامنا کرنا ہوگا، میاں زاہد حسین

چیلنجز سے نمٹنے کے لئے قوم کو متحد، دفاعی اداروں سے بھرپور تعاون کرنا ہوگا، صدر کراچی انڈسٹریل الائنس

کراچی (این این آئی) کراچی انڈسٹریل الائنس کے چیئرمین، پاکستان بزنس مین اینڈ انٹیلکچوئلز فورم و آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، ایف پی سی سی آئی کے سابق نائب صدر اور سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ سال 2025 میں پاکستان کو متعدد اہم



اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن سے جماعت اسلامی آزاد کشمیر کا وفد ملاقات کر رہا ہے

نیوائیر نائٹ پر معمول سے 40 فیصد کم الکحل استعمال کیا جائے، سید ذوالقدر حسین

یارٹیوں میں آئس، ویڈ، دیسی شراب اور ملاوٹ شدہ چرس کے استعمال سے اجتناب کریں

نیوائیر نائٹ پر فارم ہاؤسز، چائے خانوں اور خفیہ پارٹیوں میں منشیات کے استعمال میں اضافہ ہوگا

لاہور (خبر نگار) منشیات کے خلاف تربیت فراہم کرنے والے ادارے ڈرگ فری فاؤنڈیشن کی ٹریننگ حب نے نیوائیر نائٹ پر پارٹیوں میں نشہ کے استعمال کے حوالے سے ایڈوائزری جاری کر دی کنسلٹنٹ اسند منشیات مہم سید ذوالقدر حسین نے ایڈوائزری میں بتایا کہ نیوائیر نائٹ پر معمول سے 40 فیصد نشہ کا استعمال زیادہ ہوتا ہے۔ نیوائیر نائٹ پارٹیوں میں شراب، کرسٹل آئس، ایس ٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

معاشرے کے نادار افراد کی امداد ہمارا اخلاقی فرض ہے، عثمان میر عباسی

فاؤنڈیشن کا مقدر دریوں کے موسم میں غریب طبقے کی مشکلات کو کم کرنا اور نہیں گرم ملبوسات فراہم کرنا ہے

کراچی (این این آئی) عثمان عباسی فاؤنڈیشن کی جانب سے سردی کے موسم میں غریب اور ضرورت مند خاندانوں کے لیے گرم ملبوسات کی تقسیم کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب میں شہر کے مختلف علاقوں سے مستحق افراد نے بھرپور شرکت کی اور فاؤنڈیشن کے اس اقدام کی تعریف کی۔ چیئرمین ایڈووکیٹ عثمان میر عباسی نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فاؤنڈیشن کا مقصد سردیوں کے موسم میں غریب طبقے کی مشکلات کو کم کرنا ہے۔



لاہور: شہری سردی کی شدت کم کرنے کے لئے آگ تاپ رہے ہیں

پاکستان کا 1 ارب ڈالر کے موجودہ حجم میں پاکستان کا حصہ ایک تہائی تو قعات سے کم ہے، جنیدی فتح

تجارتی حجم 2.4 ارب ڈالر تو قعات سے کم ہے جس میں پاکستان کا صرف ایک تہائی حصہ ہے۔ عالمی پابندیوں کے باوجود ایران کی تجارت 100 ارب ڈالر تک پہنچا جا سکتا ہے۔ موجودہ دو طرفہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

ڈاکٹرز نے ضیاء کالونی میں آنکھوں کے مریضوں کا معائنہ اور ادویات فراہم کیں

اس موقع پر فری آئی کیمپ بھی لگایا گیا، ڈاکٹر خالد ندیم پر مشتمل ڈاکٹرز کے پینل نے مریضوں کا معائنہ کیا اور مفت ادویات فراہم کیں، 25 خواتین کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

صحافت جمہوری ریاست کا ایک اہم ستون ہے، شمیم جبین

کراچی (این این آئی) صدائے انسانیت سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن کی چیئرپرسن شمیم جبین نے کراچی پریس کلب کے سالانہ انتخابات میں کامیاب ہونے والے دی پاکستان پینل کے نومنتخب صدر فاضل جمیلی، سیکرٹری محمد سہیل افضل خان اور دیگر عہدیداران کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نومنتخب عہدیداران اپنی تمام تر صلاحیتیں صحافی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

عمران خان اسٹیبلشمنٹ یا کسی ملک کے کہنے پر ڈیل نہیں کریں گے، علیمہ خان

اقتدار کا کیس اور توشہ خانہ کی باتوں میں ہم نہیں آئیں گے، اقتدار پر یقین کی شرح کا فیصلہ 6 مارچ کو ہوگا، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین عمران خان علیمہ خان نے کہا ہے کہ عمران خان کے ساتھ ڈیل کرنے کی کیا ضرورت ہے جب وہ کسی لڑائے ہیں اور وہ اسٹیبلشمنٹ یا کسی ملک کے کہنے پر ڈیل نہیں کریں گے۔ اڈیالہ جیل میں توشہ خانہ نو کیس کی ساعت ہوئی، ایڈیشنل جج سینٹرل شاہ رخ ارجند نے کیس کی ساعت کی۔ دوران ساعت سابق وزیراعظم کو عدالت میں پیش کیا گیا،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

صوبائی وزیر صحت کا سینیٹر پروفیسر ساجد میر کا لاہور پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرنے پر شکریہ ادا

لاہور (این این آئی) مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے سربراہ سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے لاہور پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران صدر ارشد انصاری، سیکرٹری زاہد جابد، سینئر نائب صدر افضال طاہر، نائب صدر صابر صائمہ نواز، جوائنٹ سیکرٹری عمران شریف، فنانس سیکرٹری سالک نواز اور گورننگ باڈی کے نومنتخب ممبران مدثر شیخ، سعید بھٹی، رانا شہزاد، خواجہ سرمد فرخ، شاہد بٹ، نجیب چوہدری، شاکر محمود اعوان، محمد نواز اللہ دتہ سیفی، عثمان غنی، محمد ریاض اور محمد شاہد کو مبارکباد پیش کی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ وہ صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے موثر کردار ادا کریں گے۔



صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق ایٹمی ری ایکٹر سیل کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب اسمبلی پریس گیلری کمیٹی کی جانب سے لاہور پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی پریس گیلری کمیٹی کے صدر خواجہ احمد شاہ، سیکرٹری محمد نان خانو نے لاہور پریس کلب کے سالانہ انتخابات برائے سال 2024/25 میں برنٹ پر گریو پینل کی شاندار کامیابی پر صدر ارشد انصاری کو 13 مرتبہ لاہور پریس کلب کا صدر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پریس گیلری کمیٹی نومنتخب سینئر نائب صدر افضال طالب، نائب صدر صائمہ نواز، سیکرٹری زاہد جابد، جوائنٹ سیکرٹری عمران شریف، فنانس سیکرٹری سالک نواز اور گورننگ باڈی کے ارکان گورننگ باڈی کو بھی انکی کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کرتی ہے۔

سینیٹر پروفیسر ساجد میر کا لاہور پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرنے پر شکریہ ادا

لاہور (این این آئی) مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے سربراہ سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے لاہور پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران صدر ارشد انصاری، سیکرٹری زاہد جابد، سینئر نائب صدر افضال طالب، نائب صدر صائمہ نواز، جوائنٹ سیکرٹری عمران شریف، فنانس سیکرٹری سالک نواز اور گورننگ باڈی کے نومنتخب ممبران مدثر شیخ، سعید بھٹی، رانا شہزاد، خواجہ سرمد فرخ، شاہد بٹ، نجیب چوہدری، شاکر محمود اعوان، محمد نواز اللہ دتہ سیفی، عثمان غنی، محمد ریاض اور محمد شاہد کو مبارکباد پیش کی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ وہ صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے موثر کردار ادا کریں گے۔

صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق ایٹمی ری ایکٹر سیل کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایمپاور ز فیڈریشن پاکستان اور ترکی کی موسیٰ کے مابین باہمی مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

پاکستان، ترکیہ کی باہمی تجارت 5 ارب ڈالر تک بڑھانے کے لیے ای الیف کی اسٹریٹجک روڈ میپ توجہ کا مرکز بن گیا

تقریب میں قونصل جنرل نعمان اسلم چیئرمین انکا تک کونسل محمود ارشد حسنین مظہری شرکت کی۔ ایمپاور ز فیڈریشن آف پاکستان (ای ایف پی) اور ترکیہ کی میسیلا (انڈسٹریل انٹرسٹ ایسوسی ایشن) نے استنبول میں دوطرفہ تجارت و سرمایہ کاری کو فروغ دینے کی ایک اہم پیش رفت



صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر منشیات کے خاتمے کیلئے ٹاسک فورس کے سربراہ ڈاکٹر فیاض الحسن چوہان کے ہمراہ

صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر کا سرکلر روڈ پر کچلاک سیل میں شکایت کے اندراج عمل کے طریقہ کار کا جائزہ لے رہے ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر محکمہ صحت میں مریضوں کی آسانی اور شکایات کے ازالہ کے لئے مانیٹر کمپلینٹ سیل قائم کر دیا گیا

مانیٹر کمپلینٹ سیل سے مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی، خواجہ عمران نذیر

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر برائے ہیلتھ عمران نذیر نے فیڈبیک کے عمل کا جائزہ لینے کے لئے ڈی جی ہیلتھ اور ایڈیشنل ڈی جی ہیلتھ پر مشتمل کمیٹی بھی تشکیل دیدی ہے جو ہر ہفتے کارکردگی رپورٹ پیش کرے گی۔ صوبائی وزیر ہیلتھ کا کہنا تھا کہ ہر مریض کی شکایت کا ازالہ یقینی بنائیں گے، شکایت سیل کے عملے کا رویہ مثالی ہونا چاہیے، ہر مریض کی تفصیلی شکایت سنی جائے، شکایت سیل کے عملے کو ہیلتھ کیئر کمیشن کے ساتھ رابطہ کرنا ہوگا، ہیلتھ کیئر کمیشن کے ساتھ مل کر ہی شکایات کا ازالہ کیا جائے گ